Volume IX
No. 12

SP. IX-12-76 (E)
250

# THE
# SENATE OF PAKISTAN
# DEBATES

---

## *OFFICIAL REPORT*

---

Thursday, November 25, 1976

---

CONTENTS


| | PAGES |
|---|---|
| Starred Questions and Answers ... ... ... ... | 53 |
| Message from the National Assembly *Re* : Adoption of the Civil Servants (Amendment) Bill, 1976 — *Read out* ... ... | 56 |
| Standing Committee Report *Re* : The Esso Undertaking (Vesting) Bill, 1976 — *Presented* ... ... ... ... ... | 58 |
| The Civil Servants (Amendment) Bill, 1976 — *Passed* ... ... | 60 |
| The Contempt of Court Bill, 1976 — *Passed* ... ... ... | 76 |
| The Political Parties (Amendment) Bill, 1976—*Referred to Standing Committee* ... ... ... ... ... ... | 112 |
| Standing Committee Report *Re* : The Pakistan Arms (Second Amendment) Bill, 1976 — *Presented* ... ... ... ... | 113 |


PRINTED AT THE CARAVAN PRESS, DARBAR MARKET, LAHORE
PUBLISHED BY THE MANAGER OF PUBLICATIONS, KARACHI
*Price Paisa*: 50

## SENATE OF PAKISTAN

---

**Thursday, November 25, 1976**

---

The Senate of Pakistan met in the Senate Chamber, (State Bank Building), Islamabad, at ten of the clock in the morning, Mr. Chairman (Mr. Habibullah Khan) in the Chair.

---

*(Recitation from the Holy Quran)*

---

### STARRED QUESTIONS AND ANSWERS

**Mr. Chairman**: Now, we take up questions. This is question No. 16. Maulana Sahib, it is yours.

**Maulana Shah Ahmad Noorani Siddiqi**: Question No. 16, Sir.

**Mr. Chairman**: Do you want to say something Mr. Masud Ahmad Khan?

سردار محمد اسلم : جناب چیئرمین ! میں لاء منسٹر صاحب سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ وزیر موصوف صاحب کدھر ہیں ؟

**Malik Mohammad Akhtar** (Minister for Law and Parliamentary Affairs): Sir, I have just received some intimation from him. Probably, he has gone to the airport with the Prime Minister to see him off. Generally, Minister for Production remains present.

#### SOVIET STAFF IN PAKISTAN STEEL MILLS PROJECT

16* **Maulana Shah Ahmad Noorani Siddiqi**: Will the Minister for Production be pleased to state:

(a) the number of Soviet personnel working in the Pakistan Steel Mills Project at Pipri;

(b) the number of Foreman Instructors among them;

(c) the number of Engineers among them;

[Maulana Shah Ahmad Noorani Siddiqi]

(d) whether in our contract with the Soviet Union there is scope for reducing the number of Soviet personnel for employment of Pakistani Engineers in their place ; and

(e) if so, the steps taken by the Government to employ Pakistani Engineers in place of the Soviet personnel ?

**Mr. Rafi Raza** (Read by Malik Mohammad Akhtar, Minister for Law and Parliamentary Affairs) : (a) The total number of Soviet personnel at present working on the Karachi Steel Mills is 163.

(b) the number of Soviet Foremen and Instructors is 28 and 21 respectively.

(c) the number of Soviet Engineers employed on the Karachi Steel Mills is 84.

(d) This is kept constantly under review.

(e) All the Soviet specialists presently working are essential for supervising the specialised construction and erection works on the project for which suitable Pakistanis are not available. These Engineers will, however, be employed only during the construction phase and upto the guarantee period. Arrangements are already in hand for the training of Pakistanis for the operational phase.

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : ضمنی سوال ہے جناب ! میں یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ کتنا عرصہ لگے گا پاکستانی انجینئرز کو جس میں کہ وہ سویٹ پرسانل کو ری پلیس کر سکیں -

**Malik Mohammad Akhtar :** Sir, the question, I should say, is quite comprehensive, but I would humbly submit that all possible efforts are being made to train our own manpower for this useful purpose. But as this is the first steel mills of its nature, which is being set up at a larger scale in Pakistan, we do need foreign assistance. However, I assure Maulana Sahib that no time is being lost neither it would be lost to replace them.

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : کیا حکومت کے ذہن میں کوئی مقررہ تاریخ ہے کہ جس تاریخ کو تمام سویٹ پرسانل کو واپس کر دیا جائے گا ! کوئی مقررہ تاریخ ہے ؟

**Malik Mohammad Akhtar :** I consider that there could be gradual replacement at the lower level, otherwise this can be done after the completion of the project. Even then some of the persons with the highest knowledge may have to be retained. That is in public interest. We agree with Maulana Sahib that we should train our persons, because

that is in the public interest. But we agree with you that we should have our own persons trained, and they should work over it.

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** میں محترم وزیر صاحب سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ کیا کوئی تاریخ مقرر کی گئی ہے ، کوئی مقررہ میعاد ہے جس کے اندر اندر تمام پاکستانی انجینئر اور فورمین اس کا چارج لینے کے قابل ہو سکیں گے۔ ایسا کوئی پلان ہے ؟

**Malik Mohammad Akhtar :** It is a matter of persons getting trained. I regret it is not possible to determine a date at this stage.

**Mr. Chairman :** Next.

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** متعلقہ وزیر صاحب نہیں ہیں ۔

**جناب چیئرمین :** ملک محمد اختر صاحب وزیر ہیں ۔

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** جناب والا! ملک صاحب متعلقہ وزیر نہیں ہیں اس میں کوئی شک نہیں کہ وہ امرت دھارا ہیں لیکن متعلقہ نہیں ہیں ۔

**جناب چیئرمین :** یہ تو اچھا ہوتا اگر متعلقہ وزیر صاحب خود موجود ہوتے لیکن کسی مجبوری کی وجہ سے بعض اوقات وہ نہیں آ سکتے ، اس لئے ملک صاحب جواب دے رہے ہیں ۔

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** اس کے متعلق بارہا عرض کیا گیا ہے کہ متعلقہ وزیر صاحبان وقت پر تشریف نہیں لاتے اور جب کبھی وہ لاتے ہیں تو سینٹ کی شکایت کرتے ہیں ۔

**جناب چیئرمین :** وہ کسی مجبوری کی وجہ سے تشریف نہیں لاتے ۔

Malik Akhtar, why do you take such like things very seriously?

**ملک محمد اختر :** میں نے مولانا صاحب کی بات کو کبھی سیریئس سمجھا ہی نہیں ۔

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** سوال نمبر ۱۷ جناب ۔

PRODUCTION AND EXPORT AT PRECIOUS/SEMI-PRECIOUS STONES

17* **Maulana Shah Ahmad Noorani Siddiqi :** Will the Minister for Fuel, Power and Natural Resources be pleased to state :

(a) the total production of precious/semi-precious stones, cut/uncut, in the country during the last five years ;

[Maulana Shah Ahmad Noorani Siddiqi]

(b) the plan, if any to increase production of synthetic precious/semi-precious stones, cut/uncut, during the next 6 years ;

(c) whether synthetic stones are exported ; if so, the name of the countries to which the stones are exported ; and

(d) the foreign exchange earned from the export of such stones since 1st January 1972 to date ?

**Mr. Mohammad Yusuf Khattak** (Read by Malik Mohammad Akhtar, Minister for Law and Parliamentary Affairs) : (a) Gem industry including production in the private sector is clandestine and as such no figures are available. In the public sector during the last five years 28,570 carats of Emerald were produced from Swat Emerald Mines and 37,000 carats of Ruby were produced from Hunza Ruby Deposits during exploration. In the Lapidary Centre set up by PMDC which has started functioning recently, about 310 carats of Ruby have been cut and polished so far.

(b) There is no production of synthetic precious/semi-precious stones in the country nor are such stones cut and polished in the public sector. Further, there is no proposal in the public sector to set up a plant for manufacture of synthetic precious/semi-precious stones.

(c) Does not arise.

(d) Does not arise.

جناب چیئرمین : انہوں نے جو جواب دیا ہے اس میں سپلیمنٹری سوال کی گنجائش نہیں ہے -

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : سپلیمنٹری کی گنجائش تھی لیکن انہوں نے کہا ہے کہ چھوڑ دو - میں نے کہا کوئی بات نہیں وہ متعلقہ وزیر نہیں ہیں - انہوں نے ریکویسٹ کی ہے اس لئے چھوڑ دیا -

## MESSAGE FROM THE NATIONAL ASSEMBLY *RE* : ADOPTION OF THE CIVIL SERVANTS (AMENDMENT) BILL, 1976

**Mr. Chairman** : Now there is a message from the Secretary, National Assembly Secretariat addressed to the Secretary, Senate Secretariat :

> "In pursuance of rule 109 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 1973, I have the honour to inform the Senate Secretariat that the National Assembly passed the Civil Servants (Amendment) Bill, 1976 on the 24th November. A copy of the Bill is transmitted herewith."

Any other message ? Yes, Mian Ihsanul Haq :

**Syed Qamaruz Zaman Shah :** May I make a humble submission, Sir. I think this hall is too warm ; could something be done about it ? It has really become suffocating.

**Mr. Chairman :** I myself have this complaint, and I have tried to convey this complaint to the man incharge that it is too warm. What is the use of having cold season when it is too hot. We feel as if we have gone back to the summer of June and July. Yes, I have noted down your complaint, and I will see if it is possible to do so, because I do not know whether this heating is 'joint' with the National Assembly and other departments and whether they will also be affected. I will ask whether they can do something about it, something for us, separate from the National Assembly, to lessen the warmth here. That will be O.K.

**Syed Qamaruz Zaman Shah :** Sir, actually yesterday one complaint was that we move around in the lobby and stand outside and do not come and sit in the hall. This is one of the reasons why, till such time as the Senate starts, we would prefer to stand out and feel a little cooler rather than sit here and get roasted.

## LEAVE OF ABSENCE

**Mr. Chairman :** Yes, now there is one leave application by Mr. Afzal Khan Khoso :

> "I beg leave of absence from the House from 25th to 26th instant as the Prime Minister is visiting my home town, Jacobabad, and I have to be present there."

Should the leave be granted?

(*The leave was granted*)

**Mr. Chairman :** Mr. Qamaruz Zaman, I have noted your complaint. I will see what I can do.

Yes, Mr. Mohammad Yusuf Khattak, there was one question concerning your Ministry, but that has been answered by the Law Minister.

**Mr. Mohammad Yusuf Khattak** (Minister for Fuel, Power and Natural Resources) : Is there any complaint or supplementary, Sir ?

**Mr. Chairman :** Yes, there was a complaint by Maulana Sahib, why the Minister is absent ? The Leader of the House has explained that, probably, you were unavoidably absent.

**Mr. Mohammad Yusuf Khattak :** I am not absent, but one never knows when the quorum will be there.

**Mr. Chairman :** Listen, listen, after all he is a Barrister. He is not only a Minister, he is also a Barrister. When you are not sure as to when the quorum will be complete, you should be in time then, because you don't know that the quorum may be there.

**Mr. Mohammad Yusuf Khattak :** You are right, Sir. We try to employ that time in doing some other things.

**Mr. Chairman :** After all the quorum is there. Instead of erring on that side, you should err on this side. You should be here at ten o'clock. If the quorum is there, well, you can start. If the quorum is not there, well, you do not lose anything.

**Mr. Mohammad Yusuf Khattak :** But, Sir, there are so many other things to do also. But I am at the service of the House. As soon as I knew, I came immediately.

**Mr. Chairman :** Now we are trying to be punctual. Yesterday we decided that we must start, come what may, at 10.00, and today we started at 10.03. By the time recitation from the Holy Quran was over, within a minute or two, the quorum was there.

**Mr. Mohammad Yusuf Khattak :** As soon as I knew, I immediately.........

**Mr. Chairman :** No, no, that is not the matter.

**Mr. Mohammad Yusuf Khattak :** I am sorry, I will be careful in future.

**Mr. Chairman :** Now we are trying to be punctual.

Yes, Mian Sahib, you present your report.

## STANDING COMMITTEE REPORT *RE* : THE ESSO UNDERTAKING VESTING BILL, 1976

**Mian Ihsanul Haq :** Sir, I have the privilege to submit on behalf of the Committee its report on the Esso Undertaking (Vesting) Bill, 1976. Thank you, Sir.

**Mr. Chairman :** Yes, the paper has been laid on the Table of the House.

Now, we take up legislative business.

**Malik Mohammad Akhtar :** Item No. 6 may be taken first, because we have got a small difficulty, and I have requested many Senators.........

**Mr. Chairman :** Small difficulty?

**Malik Mohammad Akhtar :** Yes, Sir. The Contempt Law is due to

be passed and sanction to be granted to it by 30th. So, I made a request to honourable Khawaja Sahib.........

**Mr. Chairman :** You want the Political Parties.........

**Malik Mohammad Akhtar :** No, Sir, I want Contempt Law first.

**Mr. Chairman :** Which one you mean ?

**Malik Mohammad Akhtar :** No. 6, Sir.

**Mr. Chairman :** No. 6. Have you any objection ?

**Malik Mahammad Akhtar :** I requested and they agreed.

**Mr. Chairman :** Have you no objection if we take No. 6 and 7 ?

Do you agree Leader of the House, Rao Sahib ?

راؤ عبدالستار (قائد ایوان) : جناب والا !

ملک محمد اختر : جناب والا ! پہلے کنٹیمپٹ کا ہونا چاہئے ۔ دیکھئے نا راؤ صاحب ! اگر آپ نے سیٹر ڈے اور سنڈے کو میٹ کرنا ہے ۔

**Mr. Chairman :** No direct talk.

**Malik Mohammad Akhtar :** Sir, I make a request to my colleagues that No. 6 may be taken first.

**Mr. Chairman :** Yes, Maj.-General, do you want to say something?

میجر جنرل (ریٹائرڈ) جمالدار (وزیر مملکت برائے اسٹیبلشمنٹ) : میری صرف اتنی گذارش ہے ۔

The sooner this is passed, the better it is, because it affects peoples' services.

**Mr. Chairman :** No. 4 and 5 ?

**Maj.-General (Retd.) Jamal Dar** (Minister of State for Establishment) : Every day counts, Sir.

**Malik Mohammad Akhtar :** Then, Sir, we can have two sessions today.

**Mr. Chairman :** No. We can have one prolonged session which may go on till evening. It does not matter, you see. But we cannot have two sessions. Then there is again the difficulty of quorum. We will continue after 1, 2, 3, 4 or 5, Maj.-General Sahib.

ملک محمد اختر : ٹھیک ہے پہلے جنرل صاحب کا بل کر لیتے ہیں لیکن جناب والا ! میری صرف اتنی گزارش ہے کہ میرے بعد میرے بل کو چوہدری جہانگیر علی پائیلٹ کریں گے - صرف اس بات کی اجازت دے دی جائے - پھر اس طرح ہوگا کیونکہ میں نے نیشنل اسمبلی میں بھی جانا ہے -

جناب چیئرمین : خواجہ صاحب ! آپ کو تو اعتراض نہیں ہے ؟

خواجہ محمد صفدر : نہیں جناب ! مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے -

جناب چیئرمین : خواجہ صاحب ! پہلے میجر صاحب کا بل کر لیتے ہیں اور بعد میں ملک اختر صاحب کا - ہاؤس کو ۱ - ۲ بجے تک چلایا جائے گا -

خواجہ محمد صفدر : یہ ایک بجے سے پہلے ختم ہو جائیں گے ، جلدی ہو جائیں گے - ضروری نہیں ہے کہ ایک بجے تک بیٹھا جائے -

**Mr. Chairman :** Yes, Maj.-General Sahib.

THE CIVIL SERVANTS (AMENDMENT) BILL, 1976

**Maj.-General (Retd.) Jamal Dar :** Sir, I beg to move :

> "That the Bill to amend the Civil Servants Act, 1973 [The Civil Servants (Amendment) Bill, 1976], as passed by the National Assembly, be taken into consideration.

**Mr. Chairman :** The motion moved is :

> "That the Bill to amend the Civil Servants Act, 1973. [The Civil Servants (Amendment) Bill, 1976], as passed by the National Assembly, be taken into consideration."

**Mr. Tahir Mohammad Khan :** It is not opposed, Sir.

**Khawaja Mohammad Safdar :** It is opposed, Sir.

میرے پاس ملک صاحب آ گئے ہیں -

جناب طاہر محمد خان : خواجہ صاحب ! یہ ہفتہ سرکاری ملازمین کا ہے " اس لئے آپ بھی اپوز نہ کریں -

**Rao Abdus Sattar :** We want to see Maj.-General more time here.

**Mr. Tahir Mohammad Khan :** You want him to be here?

**Maj.-General (Retd.) Jamal Dar :** You pass the Bill, and I will be here.

**جناب چیئرمین :** آپ اگر کسی امید پر اپوز کرتے ہیں تو ٹھیک ہے ۔

**خواجہ محمد صفدر :** جناب والا ! میں نے امنڈمنٹ بھی موو کی ہیں لیکن وہ ابھی سائیکلواسٹائل ہو رہی ہیں ۔

**جناب چیئرمین :** جنرل صاحب ! چھ مہینے میں ایک دفعہ بل لاتے ہیں ۔

**میجر جنرل (ریٹائرڈ) جمالدار :** وہ بھی کیا بل ہے ، ایک کلاز کا بل ہے ۔

**جناب چیئرمین :** یس خواجہ صاحب !

**خواجہ محمد صفدر :** جنرل صاحب ، کچھ تو کہیں ۔

**جناب چیئرمین :** کچھ کہہ دیجئے ۔

**میجر جنرل (ریٹائرڈ) جمالدار :** بات یہ ہے کہ اب سروسز کے لئے عمر کی حد ۵۸ سال مقرر ہے ۔

After 58 years people have to go. As it happens, Pakistan needs experienced people, and we feel that 58 years is a bit short. We want to give two years more to the experienced people, for the benefit of the country. I am judging in many cases many requests for extension of service. If this Bill is passed, I am sure that it will regularise, and it will help the general people in the service instead of few people in the service. So, I request that it is a very simple Bill. It is merely raising the age from 58 to 60. There is nothing in it, and the sooner it is passed, the better it is.

**خواجہ محمد صفدر :** جناب والا ! میں عرض کرتا ہوں ۔

**جناب چیئرمین :** آپ کسی اور بل پر دل کی بھڑاس نکال لینا ۔

**خواجہ محمد صفدر :** جناب والا ! میں عرض کرنے والا ہوں کہ مجھے وزیر مملکت سے کامل اتفاق ہے کہ ریٹائرمنٹ کے لئے ملازمین کی مدت عمر ۵۸ سال سے ۶۰ سال کر دی جائے ۔ دنیا بھر میں عوام کی صحت پر اچھا اثر پڑ رہا ہے اور پاکستان میں بھی ہمارے لوگوں کی صحت پر اچھا اثر پڑ رہا ہے ۔ جس کے نتیجے میں عمریں عموماً لمبی ہوتی ہیں ۔ اس لئے ۶۰ سال کی عمر تک انسان مفید کام کر سکتا ہے ۔

**جناب چیئرمین :** بھاشانی تو ۹۶ سال تک کرتا رہا ۔

خواجہ محمد صفدر : بالکل ٹھیک ہے لیکن اس کے ساتھ ساتھ ہمیں ایسے قوانین نہیں بنانے چاہئیں جن سے کوئی فائدہ نہ ہو اور جو مؤثر نہ ہو سکتے ہوں - جن سے کسی کو کوئی فائدہ نہ ہو - مجھے اتفاق ہے کہ چند یا ممکن ہے کہ کئی لوگوں کو اس قانون کے بننے سے فائدہ پہنچے گا لیکن میں عمومی بات جنرل صاحب سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ جب ارباب اقتدار نے اپنے پاس یہ اختیار رکھا ہے کہ کسی ملازم کو جب دل چاہے ، کان سے پکڑ کر نکال دیں اور اپنے پاس یہ اختیار ارباب اقتدار نے رکھا ہے کہ ۲۵ سال کی ملازمت والے ملازم کو بغیر وجہ بتائے ریٹائرڈ کر دیں لیکن جناب والا ! میں عرض کرتا ہوں کہ جب اس کی ۲۵ سال کی ملازمت ہوتی ہے تو اس کی عمر تقریباً ۴۴ سال ہو جاتی ہے - جناب والا ! اس وقت تک اس کے بچے ابھی جوان بھی نہیں ہوئے ہوتے اور وہ خود ملازمت سے علیحدہ ہو کر ناکارہ بن جاتا ہے اور ابھی اس کے بچے کسی مفید کام میں مصروف نہیں ہوتے بلکہ اخراجات کا بار زیادہ بڑھا ہوتا ہے - ابھی اس نے بچوں کو تعلیم دینی ہوتی ہے ، بچوں کی شادیاں کرنی ہوتی ہیں اور اس کو نکال دیا جاتا ہے - اس کو کیا تحفظ دیا گیا ہے ؟ محض یہ کہہ دینا کہ ہم نے عمر بڑھا کر ۵۸ سال سے ۶۰ سال کر دی ہے - یہ کافی نہیں ہے اور پھر اس سے کس کو فائدہ پہنچے گا ؟ آپ کسی کو دس سال کے بعد کہہ سکتے ہیں کہ چھٹی کرو - کتنے ساٹھ سال کی عمر تک پہنچیں گے - ماسوائے ان لوگوں کے جو منظور نظر ہیں اور جو کاسہ لیس ہیں اور جن کے متعلق یہ کہا جا سکتا ہے کہ اگر ارباب اقتدار دن کو رات کہیں اور رات کو دن کہیں تو وہ دن کہیں گے تو ہمیں ایسے لوگوں کی ضرورت نہیں ہے ، اس ملک کو ضرورت نہیں ہے - اس ملک کو تو ایسے لوگوں کی ضرورت ہے - جو دیانتداری سے اپنے فرائض سر انجام دیں - بغیر کسی خوف کے ، بغیر کسی لالچ کے اور بغیر کسی تعصب کے کام کریں - ہم اس قانون کے ذریعے سے یہ توقع کرتے ہیں کہ پبلک سرونٹ یا ملازمین سرکار یا جیسے آج کل کی زبان میں کہتے ہیں عوام کے ملازمین ، یہ ایک پاکستانی اور دوسرے پاکستانی کے درمیان کسی قسم کی رو رعایت کے بغیر اپنے فرائض سر انجام دیں گے - لیکن ہو کیا رہا ہے اور یہ رعایت اگر مل رہی ہے تو ان لوگوں کو مل رہی ہے جن کو نہیں ملنی چاہئیے بلکہ جن کو ملازم بھی نہیں رکھنا چاہئیے - وہ لوگ جو سائیکوفینٹ قسم کے ہیں اور جو اپنے فرائض تو سر انجام نہیں دیتے محض اپنے پاس اور اپنے سپیریئرز کو راضی رکھنے ، ان کی جائز و ناجائز خوش آمد کرتے ہیں - ان کی جائز و ناجائز خواہشات پوری کرتے ہیں ان کے لئے یہ قانون کارآمد ہوگا اور ہمیں ایسے لوگوں کی ضرورت نہیں ہے بلکہ ہم کو تو ایسے لوگوں کی ضرورت ہے جو دیانتداری کے ساتھ ، ایمانداری کے ساتھ ، خلوص کے ساتھ اور محنت کے ساتھ اپنے فرائض سر انجام دیں - ان کے لئے ۶۰ کی بجائے ۶۵ سال کر دیجئے ہمیں خوشی ہوگی لیکن یہ اختیارات

آپ اپنے ہاتھ سے چھوڑ دیں کہ بغیر وجہ بتائے لوگوں کو ڈسمس کیا جاتا ہے - خواہ ان کی سروس دو سال کی ہو ' خواہ دس سال کی ہو آپ یہ اختیارات اپنے ہاتھ سے چھوڑ دیجئے کہ ۲۵ سال جب اس کی مدت ملازمت ہو جائے تو اس کو ضروری طور پر ریٹائرڈ کرنا ہوگا - اس میں یہ ترمیم بھی آنی چاہئے تھی کہ اگر اس کی عمر ساٹھ سال نہیں ہوگی اور سروس ۲۵ سال کی ہو گئی ہے تو وہ ساٹھ سال تک جائے گا - ایک ادھورا ، ایک غیر مؤثر بلکہ ایک غیر مفید قانون کہنا چاہئے ' یہاں لا کر ہم سے یہ توقع کی جاتی ہے کہ ہم اس پر انگوٹھا لگا دیں -

جناب والا ! ہم تو ان کو درست حالات جو ہیں وہ بتانے کے لئے یہاں حاضر ہوئے ہیں اس لئے میں یہ سمجھتا ہوں کہ اس پبلک سروس ایکٹ ۱۹۷۳ء میں لمبی چوڑی ترمیم ہونی چاہئے تھی اور حکومت کو یہ اختیارات از خود اپنے ہاتھ سے چھوڑ دینے چاہئے تھے جن کا میں نے ذکر کیا ہے اور اگر وہ ان کو نہیں چھوڑتے تو یہ ٹھیک ہے کہ یہ بل عوام کی آنکھوں میں دھول جھونکنے کے لئے تو کافی ہوگا لیکن اس وقت قوم کے لئے مفید نہیں ہوگا اور اس قوم کے لئے انتہائی غیر مفید ثابت ہوگا - وہ لوگ جو اس سے فائدہ اٹھائیں گے ' کم از کم میں یہ سمجھتا ہوں کہ اس ملک کو ان کی خدمات کی ضرورت نہیں ہے اور وہ جو آج خدمات انجام دے رہے ہیں وہی دو سال جو اور ملیں گے اسی قسم کی خدمات ۵۸ سے ۶۰ سال کی عمر تک سر انجام دیں گے اور قوم کو بجائے فائدے کے اس قسم کی خدمات نقصان پہنچائیں گی -

دوسری بات جناب والا ! اس میں کوئی شک نہیں کہ بڑے افسران جو ہائیر لیول پر ہیں ارباب اقتدار ایسے افسران سے کیا چاہتے ہیں اور کیا نہیں چاہتے وہ میں نے عرض کر دیا ہے لیکن جب ہم چھوٹے لیول پر کلرک ، اسسٹنٹ ' سیکشن افسر اور اسسٹنٹ سیکرٹری اور اس قسم کے جو کیڈر ہیں اس سے پھر زیادہ اختیارات جو حکومت نے اپنے اختیارات میں رکھے ہیں وہی پھر ڈپٹی سیکرٹری ' جوائنٹ سیکرٹری اور سیکرٹری وغیرہ استعمال کرتے ہیں کیونکہ وہ سمجھتے ہیں کہ جس طرح ہم سے یہ توقع کی جاتی ہے کہ ہم ارباب اقتدار کے آگے پیچھے پھریں اور ان کی آنکھوں کو دیکھیں کہ ان کی آنکھوں میں کس طرح کی نظر ہے - اگر وہ محبت اور پیار کی نظر ہے تو ان کے آگے پیچھے ہوتے ہیں اور اگر نہیں ہے تو کہیں دور بھاگ جائیں جس طرح وہ اپنے ارباب اقتدار کی خوشنودی حاصل کرنے کی کوشش کرتے ہیں اسی طرح ڈپٹی سیکرٹری ، جوائنٹ سیکرٹری اور سیکرٹری کی خوش آمد کرنے کے لئے وہ مجبور ہوتے ہیں اور اگر وہ نہ کریں تو ان کو اچھا نہیں سمجھا جاتا اور پھر آج کل تو ہمارے ملازمین کا یہ طریقہ ہو چکا ہے کہ

[Kh. Mohammad Safdar]

اپنا کام بالکل نہ کرو ، جو فرائض منصبی ہیں ان کو بالکل ادا نہ کرو اور اوپر کا جو افسر ہے اس کو راضی رکھو خواہ جائز طریقے سے رکھو یا ناجائز طریقے سے رکھو کہیں وہ ناراض نہ ہو جائے اور اگر اس نے رپورٹ کر دی کہ یہ نا اہل ہے یہ ہے وہ ہے تو وہ نکالا جائے گا اور ابھی اسی ہفتے میں جس کو ملازمین کا ہفتہ کہتے ہیں ، کل کے اخبار کو دیکھیں تو معلوم ہوگا کہ اسٹیبلشمنٹ ڈویژن نے پچاس افسران کو نکال دیا ہے اور کسی کو ان کا جرم نہیں بتایا جاتا کہ اس کا گناہ کیا ہے اور ان پر الزام کیا ہے ؟ انصاف کا تقاضہ یہ ہے کہ جو نا لائق ہیں اور بددیانت ہیں ، نااہل ہیں ، بے ایمان ہیں ، ان کو چارج شیٹ کیجئے ان کی جواب طلبی کیجئے اور اگر وہ اچھی طرح مناسب اور تسلی بخش جواب نہ دیں تو ان کے خلاف محکمانہ کارروائی کر کے ان کو نکال دیجئے ہم ان کو سپورٹ نہیں کرتے لیکن اگر کسی کی مرضی میں جو آئے جو کسی کے دل میں آ جائے کہ فلاں برا ہے اس کو نکال دیا جائے اور جب کسی پر راضی ہونے کو آئے تو وہ خواہ کتنا ہی برا کیوں نہ ہو اس کو رکھا جائے گا اور گذشتہ پانچ سالوں میں کئی بار سینکڑوں بلکہ ہزاروں ملازمین کو باہر نکالا گیا ہے لیکن افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ جو اصلاح ہونی چاہئے تھی وہ نہیں ہوئی کیونکہ بنیاد غلط رکھی گئی تھی اور اگر بنیاد یہ ہوتی کہ بددیانتوں کو نکالنا ہے ، نا اہلوں کو نکالنا ہے تو ٹھیک تھا لیکن نکالے وہ لوگ گئے ہیں جن سے ارباب اقتدار ناراض ہوں اور بغیر کسی وجہ کے ناراض ہوں ۔ ایک اور بات اس ضمن میں یاد دلانا چاہتا ہوں اور جس کی طرف محترم وزیر اعظم صاحب نے بھی اشارہ فرمایا ہے وہ یہ ہے کہ اسی بنیادی قانون کے تحت ریکروٹنگ کا ایک طریقہ ہے اور پبلک سرونٹ ایکٹ کے تحت محترم وزیر اعظم نے ارشاد فرمایا ہے کہ آئندہ جتنی ریکروٹمنٹ ہوگی وہ پبلک سروس کمیشن کے تحت ہوگی یہ ابھی حال ہی میں کل یا پرسوں کے اخبار میں آیا ہے ۔ جناب چیئرمین ! کیا میں ارباب اقتدار سے پوچھ سکتا ہوں کہ گذشتہ پانچ سال میں ایسا کیوں نہیں کیا گیا اور اپنے سائکوفینٹ کو ، اپنے عزیزوں اقربا کو ، اپنی پارٹی کے ممبروں اور اپنے چہیتوں کو کیوں بڑی بڑی نوکریاں دی گئی ہیں ؟ ان نا اہلوں کو جن کو یہ بھی معلوم نہیں ہے کہ فائل کس طرف سے کھولتے ہیں اور کس طرف سے نہیں کھولتے اور گذشتہ پانچ سالوں میں ہزاروں کی تعداد میں اس قسم کے نا اہلوں کو بھرتی کیا گیا ہے اور اب یہ زبانی کہا جاتا ہے کہ آئندہ پبلک سروس کمیشن کے ذریعے بھرتی کی جائے لیکن قانون میں کچھ نہیں رکھا ۔ قانون ویسے ہی ہے تو پچاس سے ساٹھ سال کر دینے سے ہماری تسلی تو نہیں ہوگی اور آپ نالائق ، نا اہل آدمیوں کو بھرتی کرنا چاہتے ہیں اور اس پر بہ ضد بھی

ہوتے ہیں تو ہم کیسے مان لیں کہ یہ سب کچھ نیک نیتی سے کیا جا رہا ہے اور یہ جو قانون ہے اس ملک کی بہتری کے لئے ہے ہم کیسے مان لیں کیونکہ ایک طرف بھرتی کا طریقہ اپنی مرضی پر رکھا ہوا ہے جس کو چاہیں گے لیں گے اور جس کو چاہیں گے نہیں لیں گے - محترم وزیر سید قائم علی شاہ نہایت ہی بھولے بھالے اور سیدھے سادے آدمی ہیں ان کا اخبار میں پبلک اسٹیٹ مینٹ آیا ہے کہ کیا کریں جمہوریت میں سفارش لازمی ہے - بات غالباً یہ ہے کہ وہ کسی دورے پر تھے اور لوگوں نے شکایت کی کہ آپ نے اپنے محکمے میں یعنی ملوں میں منیجر، ایریا منیجر اور ڈائریکٹر وغیرہ جو ہیں یہ آپ نے سفارشی رکھے ہیں - تو اس کا جواز انہوں نے یہ پیش کیا کہ ہمارے ملک میں کیونکہ جمہوریت ہے اس لئے سفارش ماننی پڑتی ہے اور ایسے لوگوں کو اس لئے ملازم رکھنا پڑتا ہے - پھر اہلیت بناء نہیں ہے بلکہ سفارش بناء ہے اور خود ایک وزیر مانتا ہے اور یہی میری شکایت ہے کہ اس میں مزید ترمیم کر لیں کہ آئندہ ریکروٹمنٹ سفارش کی بناء پر نہیں ہوگی بلکہ اہلیت کی بناء پر ہوگی تو ہم اس کی تائید کرنے کے لئے تیار ہیں - ہم آپ کے ہاتھ مضبوط کرنے کے لئے تیار ہیں لیکن نہ آپ ڈسمسل کے وقت دیانت سے کام لیتے ہیں اور نہ انصاف کے جو مروجہ اصول ہیں ان پر عملدرآمد کرتے ہیں اور نہ بھرتی کے وقت کرتے ہیں نہ ریکروٹمنٹ کے وقت کرتے ہیں - بھرتی کے وقت ارباب اقتدار ایسا کرتے ہیں، جو دنیا بھر میں مروجہ اور مسلمہ اصول ہے ان پر عمل نہیں کیا جاتا ہے اور پھر کہتے ہیں کہ یہ ہفتہ سرکاری ملازمین کا ہے اس لئے ان کو انعام کے طور پر، بونس کے طور پر ان کی ریٹائرمنٹ کے دو سال بڑھا دیے گئے ہیں - دو سال کن لوگوں کے بڑھ گئے دو سال بڑھانے کے لئے اب پہلے سے زیادہ خوشامد، پہلے سے زیادہ کاسہ لیسی ان سرکاری ملازمین میں آئے گی اور مجھے افسوس ہے کہ ہمارے ملازمین کا موریل دن بدن خراب ہو رہا ہے اور خراب ہوتا جائے گا جب تک کہ ہم ان کو سیکورٹی آف سروس نہیں دیں گے، جب تک کہ ان کی ملازمتوں کا تحفظ ہم نہیں کریں گے اس طور پر کہ دیانتدار، ایماندار اور محنتی ملازم، ملازمت میں رہنے کا حق رکھتا ہے اور جس میں یہ صفات نہیں ہیں اس کو ملازمت میں رہنے کا کوئی حق نہیں ہے لیکن اس کو نوٹس دیا جائے گا یہ ثابت کیا جائے گا کہ تم بددیانت ہو، تم بے ایمان ہو، تم نا اہل ہو، اس کے بغیر اس کو نکالا نہیں جائے گا اور جب اس کی آسامی پر کی جائے گی تو پھر اوپن کمپیٹیشن ہوگا، میرٹ پر لوگ آئیں گے - ٹھیک ہے ہر صوبے کا کوٹہ ہونا چاہیے لیکن وہ بھی اپنے صوبے کے اندر میرٹ پر آئیں گے - بلوچستان کا اگر ساڑھے چار فیصد کوٹہ ہے تو ساڑھے چار فیصد جو لوگ وہاں آئیں گے وہ بلوچستان میں سے بہترین لوگ ہوں گے - ہمیں نا اہل اہکاروں، نا اہل انجینئروں، نا اہل

[Kh. Mohammad Safdar]

ڈاکٹروں ، نا اہل پبلک سرونٹس کی ضرورت نہیں ہے - ہمیں اہل اور دیانتدار پبلک سرونٹس کی ضرورت ہے - میں اس لئے بھی اس بل کی مخالفت کرتا ہوں کہ یہ نا مکمل ہے اس کو مکمل کرنا چاہئے ، جو کچھ کیا گیا ہے وہ ایک ادھورا سا قدم ہے ایک نہایت ہی خفیف سا قدم ہے اس کو پوری وسعت دی جائے - جتنی ضروریات ہیں پبلک سرونٹس میں اعتماد بحال کرنے کی اور سیکورٹی آف سروس پیدا کرنے کی ان کو پورا کیجئے ہم آپ کی تائید کریں گے -

**Malik Mohammad Akhtar :** Sir, I want to make a small statement under rule 231. Sir, I have felt that honourable Senators.........

**Mr. Chairman :** Which rule ?

**Malik Mohammad Akhtar :** Rule 231, Sir.

**جناب چیئرمین :** اپنی سپورٹ میں کچھ تو کہیں ؟

**Malik Mohammad Akhtar :** Sir, I have felt that some of my colleagues have expressed some sort of, I should say, discontentment on some remarks of one of my colleagues. I apologise for that. There is no intention on the part of any of the Ministers to annoy the honourable Senators.

**Mr. Chairman :** Please resume your seat. Let me read it out what it is.

> "A statement may be made by a Minister on a matter of public importance with the consent of the Chairman..."

You have started without my permission.

*(Laughter)*

> "...... but no question shall be asked nor discussion take place thereon at the time, the statement is made."

Do you want to make a statement ?

**Malik Mohammad Akhtar :** Just a small statement, Sir.

**Mr. Chairman :** One minute, one minute. I allow you. Yes !

**Malik Mohammad Akhtar :** Sir, I was saying that when I came here in the morning, some of my friends expressed discontentment on certain remarks of one of my colleagues. I regret.

**Mr. Chairman :** What is that ?

**Malik Mohammad Akhtar :** Something was said yesterday. Why should I repeat the bitter thing ?

**Mr. Chairman :** You don't repeat the actual thing, but who had said this.

**Malik Mohammad Akhtar :** One of the Ministers and not the Chairman.

**Mr. Chairman :** Why are you dragging the Chairman ?

**Malik Mohammad Akhtar :** Not the Chairman, Sir. I can't do it on your behalf.

**Mr. Chairman :** So, one of the Ministers said something.

**Malik Mohammad Akhtar :** One of the Ministers said something yesterday.

**Mr. Chairman :** And that was resented to by the Opposition.

**Malik Mohammad Akhtar :** No, Sir.

**Mr. Chairman :** By some Members ?

**Malik Mohammad Akhtar :** By all Members, and they are still saying it in the House.

**Mr Chairman :** Yes.

**Malik Mohammad Akhtar :** So, Sir, in order to remove all the doubts, firstly, I express regret and apologise ; and secondly, I assure them that we have got the greatest regard for this august House which is working very well and very efficiently. Somteime if there is a small delay in quorum that is general in all the Parliaments. Whenever the Members are reminded, they are more punctual. So, Sir, that is nothing which should be protested, and I apologise again.

**Voices :** Thank you.

**Mr. Chairman :** Yes, Mr. Tahir Mohammad Khan !

**Malik Mohammad Akhtar :** Sir, I have one more request to make. I may be allowed to go to attend the National Assembly, because some motions are standing there in my name. Ch. Jehangir Ali is here.

چوہدری جہانگیر علی میری غیر حاضری میں میری جگہ لے لیں گے -

**Mr. Chairman :** All right. Now, let us proceed with the present Bill. Yes, Mr. Tahir Mohammad Khan !

جناب طاہر محمد خان : جناب چیئرمین ! میں ممنون ہوں کہ آپ نے مجھے اس بل پر اظہار خیال کرنے کا موقع دیا۔ میں اپنے محترم دوست خواجہ صاحب کا بڑا احترام کرتا ہوں جنہوں نے اس ایوان میں ہمیشہ بڑی منطقی باتیں کی ہیں لیکن آج پہلی دفعہ یہ محسوس ہو رہا تھا کہ منطق کا سرا ان کے ہاتھ سے نکل گیا اور انہوں نے بعض ایسی باتیں کہیں جو اپنے اندر تضاد رکھتی تھیں۔ میرے معزز دوست نے یہ سمجھا کہ یہ بل محض ان چند اعلیٰ ملازمین کے بہتری کے لئے لایا جا رہا ہے جو وزراء کے اور ارباب اقتدار کے قریب ہوتے ہیں اور ان کی تمام تقریر محض اسی موضوع پر تھی۔ مجھے افسوس ہے کہ اس کی غلط انٹرپریٹیشن کرنے کوشش کی گئی ہے حالانکہ اس ملک میں ملازم وہ شخص بھی ہے جو چپڑاسی ہے ' ملازم وہ شخص بھی ہے جو چوکیدار ہے ' ملازم وہ شخص بھی ہے جو ڈرائیور ہے ملازم وہ بھی ہے ' جو کہیں دفتری ہے ملازم وہ بھی ہے ، جو کہیں کلرک ہے ملازم وہ بھی ہے جو کسی شعبہ میں کسی خدمت پر مامور ہے۔ اگر آپ کل ملازمین کا اوسط نکالیں تو اعلیٰ ملازمین بمشکل دو سے پانچ فیصد تک ہوں گے باقی پچانوے فیصد وہ لوگ ہوں گے جو کہیں پر اگر کاسہ لیسی کریں یا کہیں چاپلوسی کریں تو ان کی چاپلوسیوں کا کسی بات پر اثر نہیں پڑے گا۔ ہمارے ملک کی بدقسمتی یہ ہے کہ ایک طرف تو آبادی تیزی سے بڑھ رہی ہے اور نوجوان طبقہ اداروں سے نکل کر ملازمت کی تلاش میں رہتا ہے اور دوسری طرف یہ مستقل مسئلہ ہے کہ ۵۸ سال کی عمر میں ایک شخص جب ریٹائر ہوتا ہے تو وہ اس وقت بھی اس قابل ہوتا ہے کہ وہ مزید خدمت انجام دے سکے۔ خدمت انجام دینے کے علاوہ اس کی گھریلو ضروریات ایسی ہوتی ہیں کہ ۵۸ سال سے لے کر قبر تک پہنچنے کے مرحلے تک اسے کام کرنا پڑتا ہے۔ تو نتیجہ یہ کہ جب ۵۴، ۵۵، ۵۶ سال کی عمر میں وہ پہنچ جاتا ہے تو اسے اس وقت مزید ملازمت کی تلاش ہوتی ہے کیونکہ اسے بچوں کا پیٹ پالنا ہوتا ہے، انہیں پڑھانا ہوتا ہے، ملازمت تک پہنچانا ہوتا ہے اس لئے اسے ہر صورت میں مجبوراً کام کرنا پڑتا ہے۔ تو جناب چیئرمین ! اسی ایک وجہ سے آپ نے بعض اوقات اخبارات میں پڑھا ہوگا کہ بعض لوگوں نے مایوس ہو کر بہت غلط قدم اٹھائے ہیں۔ خودکشی تک کر لی ہے اس لئے کہ ان کے لئے دنیا کا ہر دروازہ بند ہو جاتا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ بہت ہی قابل تعریف قدم ہے اور اس ہفتے میں جو ملازمین کا ہفتہ ہے۔ حکومت نے ملازمین کو یہ ایک بہت بڑی رعایت دی ہے اور اس رعائیت سے بہت سے لوگ ذہنی خلفشار سے نجات پا جائیں گے۔ سینیٹ اور تو شاید اس وقت ان کی کوئی مدد نہیں کر سکتا لیکن ایسا ہونا چاہئے کہ سینیٹ کی طرف سے ہم اس بل کو یونانیمسلی پاس کریں تاکہ وہ سمجھیں کہ ہم بھی ملازمین سے اتنی ہی دلچسپی رکھتے ہیں لیکن افسوس کہ میرے دوست نے

اس بل کی مخالفت کی حالانکہ اس کی مخالفت نہیں کی جانی چاہئے تھی اور ملازمین کی بھلائی میں اس کو یونانیمسلی پاس کرنا چاہئے تھا -

**Mr. Chairman :** Yes, Syed Qamaruz Zaman Shah.

**Syed Qamaruz Zaman Shah :** Mr. Chairman, Sir. repeating what our Deputy Chairman has said, I was surprised to find Khawaja Sahib's Speech full of contradictions today. It is very unfortunate. Usually his speeches are not so much full of contradictions.

Sir, on the one side he said that these Bills have been brought in half-heartedly and in piecemeal, and that this Bill ought to have said something about the officers who are corrupt, the officers who are inefficient, the officers who have come in through the back door, and the word used by him is 'sifarish'. I would like to tell him, Sir, that from these very benches, he has so many times talked about corruption and many other things, and today he gets up and says that these officers should not be removed, and that the removal clause should be not there. He also says that, 'now you talk about Public Service Commission. Why did not you say it earlier ? Sir I want to tell him that even out of those who were recruited on the 'lateral entry basis, when, they were found inefficient, when they were found not up to the mark, they were also removed. It is not that the people who were recruited in those four or five years and about whom he says that they have come merely on 'sifarish' they have been removed. I might even tell him that some people appointed in Syed Qaim Ali Shah's Ministry, the Agrarian Management Ministry, were within very short period found to be inefficient and they were removed. The moment it was found that they indulged in certain practices, they were removed. So, on one side, he says that the Government is very vigilant, and on the other side he wants to streamline, he wants to see that corruption and inefficiency is removed. Government wants to see that those who are efficient, hard-working and honest should be given a longer period of service, that they should not be left, in distress at an age when they could still work.

On the one side Khawaja Sahib says that with that age they have to establish their families, they have to get their children married, and that they have to see their children through education, but at the same time he says, 'do not extend the date. Retire them at the age of 58. Do not give them 60 years period'.

Sir, if you are talking of 'sifarish', I can tell you that Government can employ them even after 58 years for two more years. If you think, it is merely to patronise some people, then Government has powers to employ people beyond that age. So on the contrary the Government, in order to eliminate this particular aspect of 'sifarish', and in order to eliminate the allegation that these people were efficient, did it with all sincerity of purpose and gave them extension, although Government could employ them on contract basis after the age of 58, but the Government thought that even then there might be an allegation that these are the people who were their favourites. So, why not do it for everybody and, as the Deputy Chairman said, in everybody 95% are those who really do not come in the category which was mentioned by Khawaja Sahib. Therefore, please try to see the good and do not see the evil in everything. See it with a good eye, and surely you will also find

[Syed Qamaruz Zaman Shah]

sincerity of purpose in every enactment and in every action of the Government, because this is being done for running this country efficiently, for seeing Pakistan strong. Thank you.

**Mr. Chairman** : Thank you. Yes, Maulana Sahib.

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : جناب چیئرمین ! اس وقت سروسز ایکٹ پیش نظر ہے اور اس میں جو ترمیم لائی گئی ہے وہ زیر بحث ہے ' میں سمجھتا ہوں کہ محترم خواجہ صاحب کے ارشادات کو پوری طرح سے نہیں سمجھا گیا - میں بڑے غور سے ان کی تقریر سن رہا تھا ' انہوں نے کہیں یہ نہیں فرمایا کہ مدت ملازمت ۵۸ سال سے بڑھا کر ۶۰ سال نہ کی جائے - انہوں نے یہ نہیں فرمایا اور میں بھی اس بل کی مخالفت اس بنیاد پر نہیں کر رہا کہ مدت ملازمت ۵۸ سال سے بڑھا کر ۶۰ سال نہ کی جائے - بلکہ اس بنیاد پر اس کی مخالفت ہو رہی ہے کہ اس قانون میں جو خامیاں ہیں ان کو مکمل طور پر رفع کرنے کے بعد نئے سرے سے اس بل کو نافذ کرنا چاہئے - وہ کیا خامیاں ہیں جن کو نظر انداز کیا گیا - جناب والا ! محض لوگوں کو یہ کہہ دینے سے کہ آپ کی مدت ملازمت کو ہم نے دو سال کے لئے بڑھا دیا ہے - یہ واقعی ان کو خوش کرنے کے لئے انہوں نے اس بل میں ایک بڑا خوبصورت سا جملہ وضع کرکے لگا دیا ہے - باقی سوال یہ ہے کہ ۵۸ سال کی عمر تک وہ ملازم پہنچے گا یا نہیں - سروس میں رہے گا یا نہیں رہے گا اس لئے کہ جب بھی حکومت کا مزاج چاہتا ہے بغیر کسی شکایت کے محض نا پسندیدہ ہونے کی خاطر جب چاہتے ہیں جس سرکاری ملازم کو چاہتے ہیں بغیر شو کاز نوٹس دیئے ہوئے برطرف کر دیتے ہیں - تو یہ اب بھی ہو رہا ہے بدعنوانی اس حد تک فروغ پا رہی ہے - اور حکومت یہ اپنی سرپرستی میں کر رہی ہے اور ملازمین کو نکالا جاتا ہے پچیس سال ہوگئے ہیں جائیے - جبری ریٹائرمنٹ - اب جناب ! جبری ریٹائرمنٹ کیوں کی گئی ؟ نا اہلی کی بناء پر ؟ کرپٹ ہونے کی وجہ سے ؟ اور صحیح طور پر کام نہ کرنے کی وجہ سے ؟ اگر ہاں تو برطرف کرنا ہی کافی نہیں ہے اگر کسی شخص کو نا اہلی کی بناء پر ' کرپشن کی بناء پر ' بلیک پریکٹس کی بناء پر ریٹائر یعنی جبری ریٹائر کیا گیا ہے تو غلط ہے - اس کو سزا دینی چاہئے - اس کو ریٹائر نہیں ہونا چاہئے ، اس کو جیل خانے میں ہونا چاہئے - نہ یہ کہ وہ ریٹائر ہو - اور پنشن کا حق دار بنے اس سے کرپشن بڑھتی ہے اور پھیلتی ہے -

تو میں یہ عرض کر رہا تھا کہ حکومت کو چاہئے تھا کہ جہاں ملازمین کو

۶۰ سال کی عمر تک کا اضافہ دے رہی ہے وہاں اس چیز کی بھی گارنٹی دینی چاہئیے کہ ان کو محض خوشنودی مزاج کی خاطر ، محض تملک اور چاپلوسی نہ کرنے کی وجہ سے کسی بھی وقت بر طرف نہیں کیا جائے گا ۔ ان کو ملازمت کا تحفظ حاصل ہوگا اور اگر کوئی جرم بھی ثابت ہوگا تو برطرف کرنے سے پہلے انہیں شوکاز نوٹس دیا جائے گا - انہیں صفائی کا موقعہ دیا جائے گا اور بر طرف کرنے سے پہلے سروسز ٹریبونل کو ان کے کیسز ریفر کئے جائیں گے - جب تک سروسز ٹریبونل کا فیصلہ نہیں ہو جاتا اس کو نااہل ہونے کی بنیاد پر برطرف نہیں کیا جائے گا - ہونا یہ چاہئیے تھا - اب جناب چیئرمین ! آپ یہ ارشاد فرما سکتے ہیں کہ اگر ملازمین کو برطرف کیا جاتا ہے اور بغیر کسی ثبوت کے کیا جاتا ہے - تو سروسز ٹریبونل موجود ہے وہ اس سے رجوع کر سکتے ہیں - وہ موجود ہے مجھے بھی معلوم ہے اور اسی لئے میں نے اس کا حوالہ بھی دیا ہے - لیکن آپ کو سن کر یہ حیرت ہوگی جناب چیئرمین ! کہ جن ملازمین کو ۱۹۷۲ء میں اس حکومت نے برسر اقتدار آنے کے بعد بغیر کسی ثبوت کے برطرف کیا تھا - وہ ۲۱ سو کے قریب ملازمین تھے ان کے کیسز آج تک سروسز ٹریبونل نے ڈیسائڈ نہیں کئے - تاریخوں پر تاریخیں ہوتی ہیں اور ان کے کیسز میں سے بہت سے ایسے ہیں جن کے فائل بھی ابھی وہاں نہیں پہنچے ہیں یہ سروسز ٹریبونل کی کارکردگی ہے - ملازمین بچارے پریشان مارے مارے پھر رہے ہیں - ان کا کوئی پرسان حال نہیں ان میں سے بہت سے ایسے ہیں جنہوں نے ہائی کورٹ اور سپریم سے رجوع کیا - بعد میں انہیں کہا گیا کہ آپ سپیشل ٹریبونل میں جائیں ' سپیشل ٹریبونل اپوائنٹ ہوا اور سپیشل ٹریبونل سے متعلق اطلاعات یہ ہیں کہ وہاں آج تک کسی مقدمے کا فیصلہ نہیں ہوا۔ اس نے برطرف شدہ ملازمین سے کسی ملازم کو دوبارہ نہیں رکھا ہے - اس کی وجہ سے بھی ملازم بے چارے پریشان ہیں - اس وقت ان کو یہ یقین دلانا چاہئیے کہ ان کی سروسز محفوظ ہیں اور اس ملازم سے کہا جائے کہ اگر تم نے کسی قسم کی دھاندلی کی ' بد دیانتی کی ' رشوت کے جرم کا ارتکاب کیا تو حکومت ان کا احتساب کرے گی اور احتساب اس طرح کا ہوگا کہ تمہیں صفائی کا موقع دیا جائے گا ، اس کے بعد فیصلہ کریں گے کہ تم کو سروسز میں رکھتے ہیں یا نہیں رکھتے ہیں لیکن اس وقت ایسا نہیں ہو رہا ہے بلکہ اس کے برعکس ہو رہا ہے - اس لئے میری گذارش ہے کہ اس بل کو نئے سرے سے مرتب کیا جائے اور ملازمین کو ملازمت کا تحفظ دلایا جائے - اس کی ضمانت دی جائے - کسی ملازم کو بغیر شوکاز نوٹس دئے نہ نکالا جائے نہ ایسے برطرف کیا جائے - اگر اس کو برطرف کرنا ہے تو اس کو صفائی کا موقع ملنا چاہئیے - یہ تھی وہ بات جس کی بناء پر

[Maulana Shah Ahmad Noorani Siddiqi]

میں نے اس کلاز کی مخالفت کی ہے۔ اس کلاز کو خوشنما لیبل تو لگایا دیا گیا ہے کہ اب عمر ملازمت ۵۸ سال سے بڑھا کر دو سال کا اضافہ کر دیا گیا ہے۔ صرف دو سال کا اضافہ کرنا ہی کافی نہیں ہوگا ضرورت اس بات کی ہے کہ اس کو سروس کا تحفظ ملنا چاہئے۔

قاضی فیض الحق : جناب والا !

جناب چیئرمین : قاضی صاحب ! آپ ابھی بیٹھ جائیں ، ان کی باری ہے۔ یس ، مس آصفہ فاروقی۔

مس آصفہ فاروقی : جناب چیئرمین ! آج سارے ملک میں ہفتہ سرکاری ملازمین منایا جا رہا ہے سول سرونٹس کے لئے یہ بل جو آج پیش کیا گیا ، بڑا اہم ہے اور جسے ہم آج منظور کر رہے ہیں۔ یہ ایک صحیح قدم اٹھایا گیا ہے اور یہ ایک ایسا قدم ہے کہ جس سے تمام سرکاری ملازمین اور خاص طور پر چھوٹے ملازمین کو زیادہ فائدہ پہنچے گا۔ جیسا کہ ہمیں معلوم ہے کہ ہمارے جتنے سول سرونٹس ہیں ان میں میجارٹی چھوٹے ملازمین کی ہے ، اس بل کی قدر وہی لوگ جانتے ہیں ، ہم لوگ تو یہاں بیٹھ کر تائید بھی کر سکتے ہیں ، اس کی حمایت بھی کر سکتے ہیں اس کی مخالفت بھی کر سکتے ہیں مگر اس بل کی افادیت ایک کلرک یا اس کی بیوی ، ایک ڈرائیور یا اس کی بیوی اور ان چھوٹے ملازمین کے بہن بھائی یا اولاد ہی جانتی ہے اور خاص طور پر ایسے ملازمین جن کی عمر ریٹائرمنٹ کے قریب ہے اور ان کی مدت ملازمت ختم ہو رہی تھی اب ان کو دو سال کی ایکسٹینشن مل جائے گی۔ وہ اب ٦٠ سال کی عمر کے بعد ریٹائر ہوں گے۔ اس وقت حالت یہ تھی کہ اس کے بچے اور وہ خود عمر کے اس حصے میں تھا کہ وہ ریٹائرمنٹ کے بعد اخراجات برداشت نہیں کر سکتا تھا کیونکہ وہ ابھی اپنے بال بچوں کی پرورش سے فارغ نہیں ہوا تھا۔ اس کے بال بچے ابھی اس قابل نہیں ہوئے تھے کہ اپنے والدین کی ریٹائرمنٹ کے بعد اپنے گھر کا بوجھ اٹھا سکیں۔ یہ قائد عوام نے سرکاری ملازمین کے ہفتہ کے سلسلے میں سرکاری ملازمین کو ایک بہت بڑا گفٹ دیا ہے۔ اس سے بڑا اور کوئی قدم نہیں ہو سکتا ہے۔ جناب چیئرمین ! میں عرض کرتی ہوں کہ اس سے پہلے ، پچھلی حکومتوں میں یہ ہوا کرتا تھا کہ وہ اپنے منظور نظر افراد کو ایکسٹینشن دے دیا کرتے تھے لیکن پیپلز پارٹی کی حکومت اور جناب

ذوالفقار علی بھٹو نے ایک یکساں قانون بنایا ہے جو تمام سرکاری ملازمین کے لئے یکساں ہوگا - اس قانون سے صاف ظاہر ہے کہ قائد عوام اپنے سرکاری ملازمین کو بھی دوسرے افراد کی طرح عزیز سمجھتے ہیں - ان کا مفاد بھی ان کو اسی طرح عزیز ہے جس طرح ان کو باقی پاکستانی قوم کے افراد کا مفاد عزیز ہے - ان کے لئے یہ ایک انقلابی قدم ہے -

جناب والا ! سرکاری ملازمین کسی ملک کی بہت بڑی دولت ہوتے ہیں ان میں سے محنتی ، جفاکش اور تجربہ کار جو ہوتے ہیں وہ حکومت کے دست و بازو ہوتے ہیں - اب اس بل کے تحت ہم سرکاری ملازمین کی مدت ملازمت ۲ سال بڑھا کر ، ۵۸ سے ۶۰ سال کرکے زیادہ سے زیادہ تجربہ کار افراد سے فائدہ حاصل کر سکیں گے - ان کی خدمات لے سکیں گے - جناب والا ! میرے خیال میں اب جو مدت ملازمت بڑھا دی گئی ہے اس کا ایک اور فائدہ یہ ہے کہ پہلے جو ملازمین ریٹائرمنٹ کے بعد ایکسٹینشن مانگا کرتے تھے ، وہ اب اس چیز کا مطالبہ نہیں کیا کریں گے - پہلے حکومت صرف اپنے منظور نظر افراد کو ایکسٹینشن دے دیا کرتی تھی ' اب سب کی ملازمت میں دو سال کا اضافہ کر دیا گیا ہے - اس لئے میں اس بل کی پر زور حمایت کرتی ہوں وزیر اعظم پاکستان اور متعلقہ وزیر صاحب کو آپ کی وساطت سے مبارکباد پیش کرتی ہوں - انشاء اللہ اسی طرح ہم پاکستان میں استحصال سے پاک معاشرہ قائم کرنے میں کامیاب ہو سکیں گے -

**جناب چیئرمین :** یس ، جنرل صاحب -

**میجر جنرل (ریٹائرڈ) جمالدار :** جناب چیئرمین ! میں ایک چیز کی وضاحت کرنا چاہتا ہوں -

For the sake of playing politics, they can press things this way or that way, and talk the whole day, in fact the whole year.

جناب چیئرمین ! میں دو تین باتوں کی جو کہ شاید غلط فہمی کی بناء پر کہی گئی ہیں ، کی وضاحت کرنا چاہتا ہوں - جناب والا ! یہ پورا ایکٹ انڈر کنسیڈریشن نہیں ہے - بات صرف اس پر کرنی ہے کہ آیا یہ جو ہم نے مدت ملازمت دو سال ۵۸ سال سے ۶۰ سال تک بڑھائی ہے یہ بڑھانی چاہئے تھی یا نہیں بڑھانی چاہئے تھی - اگر یہ ایکٹ پوری طرح پڑھا جاتا تو یہ پہلے سیکشن ہی میں موجود ہے - اس میں یہ تین شقیں ہیں ، ان میں آتا ہے کہ ۲۵ سال کے بعد نکالا جاتا ہے -

in the public interest direct.

[Major-General (Retd.) Jamaldar]

بعد میں اگر ایڈیشنل سیکریٹری یا اس کے اوپر کا نہ ہو یا ۲۵ سال کو پہنچنے والے نہ ہوں ان کی ۵۸ سال تک حد ہونی چاہئے - اگر وہ نکالے جائیں گے تو صرف

in the public interest.

تو پبلک انٹرسٹ میں وہی لوگ نکالے جاتے ہیں جیسا کہ انہوں نے خود بھی اعتراض کیا کہ جو کرپٹ اور ان ایفیشینٹ ہوں اگر کرپٹ اور ان ایفیشینٹ نہ ہوں تو وہ پبلک انٹرسٹ میں کیسے نکالے جائیں گے بلکہ ہم نے عمر کی حد اس لئے ۵۸ سال سے ۶۰ سال مقرر کی ہے کہ

It is for the country's interest.

اس میں جناب والا ! میں ایک چیز کی وضاحت کرنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ لوگوں کو بغیر وجہ کے نہیں نکالا جاتا ہے - یہ درست نہیں ہے - میں عرض کرتا ہوں کہ جب ان کی سروس کے ۲۵ سال پورے ہو جاتے ہیں بعض لوگ ایسے ہیں جن کے خلاف there can be so many reasons جو پورے ایفیشینٹ نہ ہوں ان کو بغیر بتائے ود فل بینیفٹ ریٹائر کیا جاتا ہے اور جن کے ۲۵ سال پورے نہ ہوں ان کو بغیر شوکاز نوٹس دیئے ریٹائر نہیں کیا جاتا ہے - ان کے رپلائی جو ہوتے ہیں They are fully considered before they are retired and if the thing is satisfactory, they are not retired.

میں ان کو تسلی دینا چاہتا ہوں اور یقین دلاتا ہوں انہوں نے کہا ہے کہ بہت کم لوگ ایسے ہوتے ہیں جو ۵۸ سال کی عمر تک پہنچتے ہیں ، سوائے ان لوگوں کے جو ان افیشینٹ ہوں ، سوائے ان لوگوں کے جو کرپٹ ہوں اور سوائے ان لوگوں کے جو اللہ تعالیٰ کے ہاں حاضر ہوگئے ہیں ، باقی سب ۵۸ سال کی عمر کو پہنچتے ہیں اور اب وہ ۶۰ سال کی عمر تک پہنچیں گے -

I can assure them of this thing.

جناب چیئرمین : یہ ان کی ایشورینس ہے -

Thank you. Now, I put the question.

The question before House is :

"That the Bill to amend the Civil Servants Act, 1975 [The Civil Servants (Amendment) Bill, 1976], as passed by the

National Assembly, be taken into consideration."

*(The motion was adopted)*

**Mr. Chairman** : The first reading is over. Now we take up clause by clause consideration of the Bill. There are no amendments.

The question before the House is :

'That Clause 2 forms part of the Bill.'

*(The motion was adopted)*

**Mr. Chairman** : Clause 2 forms part of the Bill. Now there is only one question left.

The question before the House is :

"That the Preamble, Title and Clause 1 form part of the Bill."

*(The motion was adopted)*

**Mr. Chairman** : The Preamble, Title and Clause 1 form part of the Bill.

**Maj.-Gen. (Retd.) Jamal Dar** : Sir, I beg to move :

"That the Bill to amend the Civil Servants Act, 1975 [The Civil Servants (Amendment) Bill, 1976] be passed."

**Mr. Kamran Khan** : Sir, I would not oppose on one condition that the General will fulfil his promise, and he will not leave the House as promised by him, and give us the pleasure of his company.

**Mr. Chairman** : The motion moved is :

"That the Bill to amend the Civil Servants Act, 1975 [The Civil Servants (Amendment) Bill, 1976], be passed."

No opposition ?

So, the question before the House is :

"That the Bill to amend the Civil Servants Act, 1975 [The Civil Servants (Amendment) Bill, 1976] be passed."

*(The motion was adopted)*

**Mr. Chairman :** As I did not hear any 'Noes' so, I can declare that it is unanimously passed.

**Khawaja Mohammad Safdar :** No, no.

**Mr. Chairman :** So, it stands passed unanimously. Two negatives make one positive. No, no means yes.

Now, we take up next Bill. Will you move it ?

## THE CONTEMPT OF COURT BILL, 1976

**Ch. Jahangir Ali** (Minister of State for Health and Population Planning) : Yes, Sir, on behalf of the Law Minister I beg to move :

> "That the Bill to enact a law relating to contempt of court [The Contempt of Court Bill, 1976], as passed by the National Assembly, be taken into consideration."

**Mr. Chairman :** The motion moved is :

> "That the Bill to enact a law relating to contempt of court [The Contempt of Court Bill, 1976], as passed by the National Assembly, be taken into consideration."

**Khawaja Mohammad Safdar :** Opposed :

**Mr. Chairman :** Now, you can explain.

چوهدری جهانگیر علی (وزیر مملکت برائے صحت و منصوبہ بندی آبادی) : میں س کی وضاحت کرتا ہوں - جناب چیئرمین ! پاکستان میں جہاں اور بہت ساری بوسیدہ چیزوں میں ترمیم کی گئی ہے وہاں انڈین کنٹیمپٹ آف کورٹ ۱۹۲۶ء میں بھی ترمیم کی گئی ہے کیونکہ انڈین کنٹیمپٹ آف کورٹ ۱۹۲۶ء کے تین سیکشن تھے اور اس ایکٹ میں توہین کی تعریف بھی نہیں کی گئی تھی کہ کونسی حرکت عدالت کی توہین کے مترادف ہوگی اور کونسی استثنیٰ میں ہوگی - میرے فاضل دوست خواجہ صفدر صاحب بھی میرے ساتھ اس بات میں اتفاق فرمائیں گے -

جناب چیئرمین ! ہم نے دستور پاکستان کے آرٹیکل کے ۲۰۴ کے پیرا ۲ میں توہین عدالت کی تعریف کی تھی اور اس کی وضاحت کرنے کی کوشش کی تھی - اس کے ساتھ ساتھ جناب والا ! چونکہ آپ بڑے تجربہ کار جج اور خود بڑے فاضل وکیل رہے ہیں آپ کو معلوم ہے کہ بار کونسل ایکٹ ۱۹۷۳ء میں بھی توہین عدالت کی جامع تعریف نہیں تھی - جناب والا ! آرٹیکل ۲۰۴ کے پیرا ۲ میں

جو تعریف تھی وہ تعریف بھی جامع نہیں تھی اس ملک کے اندر اس قسم کے فیصلے کئے گئے ہیں جن سے جج صاحبان، وکلاء حضرات اور ماہرین قانون بھی مطمئن نہیں تھے۔ توہین عدالت کے بارے میں ملک کے اندر جو قانون سازی ہوتی ہے اور یہ جو ملک کے اندر ججمینٹ آف لاء پیش کیا جا رہا ہے اس سے ان کو اطمینان نہیں ہوا تھا اس لئے جناب والا! یہ ضروری ہوگیا تھا کہ اس کے لئے ایک جامع قانون بنایا جائے۔ اس کے لئے ضروری تھا کہ دستور کے آرٹیکل ۲۰۴ کے پیرا ۲ میں ترمیم کی جائے۔ جناب والا! کو معلوم ہوگا کہ آئین کی پانچویں ترمیم میں اس کی ضروری ترمیم کر دی گئی تھی اور پہلے جو تعریف اس میں دی تھی اس کو حذف کرکے یہ ترمیم کی گئی تھی۔

"The Court shall have the power to punish a person for contempt of court in accordance with law."

تو یہ معلوم ہوا کہ ایک جامع قانون بنایا جائے اس لئے جامع ترمیم قومی اسمبلی اور سینٹ میں پیش کی گئی ہے۔

جناب والا! دستور کا پانچواں ترمیمی بل یکم دسمبر ۱۹۷۶ء سے مؤثر ہونا ہے تو اس وقت تک دستور کے آرٹیکل ۲۰۴ کا پیرا ۲ جو ہے وہ غیر مؤثر ہے اس لئے یہ ضروری ہو گیا تھا کہ پارلیمنٹ یکم دسمبر ۱۹۷۶ء سے پہلے دستور کے آرٹیکل ۲۰۴ کے تحت ملک کو ایک ایسا قانون دیا جائے جس میں توہین عدالت کے متعلق جو ابہام ہے، جو شبہات ہیں اور غلط فہمیاں ہیں ان کی وضاحت کر دی جائے۔ جناب والا! ان مقاصد کے پیش نظر جو موجودہ بل قومی اسمبلی کے سامنے پیش کیا گیا تھا اور قومی اسمبلی نے بعض ضروری ترمیمات کے ساتھ اس کو پاس کر دیا ہے اور وہ آج اس فاضل ہاؤس کے سامنے پیش ہو رہا ہے۔ جناب والا! اس بل میں جو قانون پیش کیا گیا ہے اس قانون میں ہم نے کلاز نمبر ۲ میں توہین عدالت کی تعریف کی ہے۔ جناب والا! ابہام، غلط فہمیوں اور شبہات کو دور کرنے کے لئے اس قسم کی بھی وضاحت کی ہے کہ فلاں فلاں امور جو ہیں وہ امور توہین عدالت کی تعریف میں آئیں گے اور ان امور میں صحت مند تنقید کی حوصلہ افزائی کی گئی ہے اور یہ کہا گیا ہے کہ صحت مند تنقید کی جائے۔ اور شائستہ زبان استعمال کی جائے۔ اس کے ساتھ ساتھ عدالتوں یا عدالتوں کے پریذائیڈنگ افسروں کی عزت اور احترام کو ملحوظ رکھا جائے تو اس کو توہین کے زمرے میں شمار نہیں کیا جائے گا۔ اور اس کے ساتھ ساتھ اس قسم کی صحت مند تنقید کو ہم نے توہین کی تعریف سے نکال دیا ہے کیونکہ اس سے پہلے

[Ch. Jahangir Ali]

اس قسم کا کوئی قانون موجود نہیں تھا اور عدالتوں کے فیصلے ڈایاورجنٹ تھے ، متضاد تھے ، مختلف تھے - آپ کو صرف توہین عدالت کے متعلق کئی اس قسم کے فیصلے مل سکتے ہیں جو ایک دوسرے سے کنٹرے ڈکٹری ہیں - اس ابہام کو دور کرنے کے لئے اس کنفیوژ کو دور کرنے کی اس قانون میں کوشش کی گئی ہے -

جناب والا ! اس وقت قانون کے مطابق توہین دو قسم کی ہے - ایک توہین وہ جو عدالت کے اندر کی جائے پریذائیڈنگ آفسر کی حاضری میں کی جائے اور ایک وہ جو عدالت کے باہر کی جائے - جناب والا ! عدالتوں کو تعزیرات پاکستان کے تحت اپنی توہین کے مقدمات نمٹانے اور ملزمان کو سزا دینے کا قانون موجود ہے اور تعزیرات پاکستان کے اس پورے قانون کو اس بل کی صورت میں نہیں چھیڑا گیا عدالتوں کے وہ اختیارات جوں کے توں موجود ہیں اس کے بعد عدالت عالیہ ، ہائیکورٹ ، عدالت عالیہ سپریم کورٹ اور ماتحت عدالتوں کے جج صاحبان جو ہیں ان کی عدالتوں کے باہر اگر توہین ہو تو اس توہین کا ضابطہ اور طریقہ کار اس قانون کے اندر وضاحت کے ساتھ بیان کر دیا گیا ہے اگر مبینہ توہین ، کسی اپیل میں درج شدہ کسی فقرہ سے نکلتی ہو یا کسی نگوانی یا نظرثانی سے نکلتی ہو ، تو یہ بات اس بل میں بیان کی گئی ہے کہ جب تک اس اپیل کا اس نگرانی کا یا اس نظرثانی کا فیصلہ نہیں ہو گا اس وقت تک اس معاملہ کے کاگنیزنس عدالت نہیں لے گی - جناب والا ! اس طرح سے اگر کوئی معاملہ چیف جسٹس آف پاکستان یا چیف جسٹس آف پروانس یا صوبائی حکومت کے زیر غور ہو تو جب تک اس مسئلہ کا فیصلہ نہیں ہو گا - اور اس سے متعلق کسی بات کے متعلق توہین کا نوٹس نہیں لیا جائے گا اور اگر لیا جائے گا تو چیف جسٹس یا مرکزی حکومت یا صوبائی حکومت کی خصوصی ہدایت کے تحت لیا جائے گا -

جناب والا ! اس میں ایک بہت صحت مند قسم کی شق یہ بھی ہے اور انصاف کا بہت بڑا تقاضا ہے ، - لاگ انصاف اور قدرتی انصاف کا یہ تقاضا ہے کہ کوئی آدمی بھی اپنے معاملات کو نپٹانے کے لئے جج کی حیثیت اختیار نہ کرے - جناب والا ! ابھی تک ہمارے ملک میں جو عدالت ہائے عالیہ ہیں ، ان کے اندر استثناء کے طور پر توہین کے کیسز نہیں لائے جاتے تھے - اگر کوئی سول کا معاملہ ہو کوئی فوجداری کا معاملہ ہو وہاں کا جج اپنے معاملہ میں ججی کے فرائض انجام نہیں دے سکتا - لیکن توہین کے معاملہ میں ایک استثناء تھی ایک ججمنٹ لاء تھا - یہ ایکٹ آف پارلیمنٹ نہیں تھا کہ جج صاحبان اپنی توہین کے معاملات کا خود ہی فیصلہ فرمایا کرتے تھے اور مرتکب حضرات کو ان کی سزائیں دیا کرتے

تھے - جناب والا ! اس سے قانون اور انصاف کے تقاضے پورا نہیں ہوا کرتے تھے - وکلاء حضرات کی بھی دیرینہ خواہش تھی کہ اس ابہام کو دور کر کے ان کے لئے انصاف کے راستے کھولے جائیں کیونکہ بعض ایسے واقعات رونما ہوئے ہیں کہ جن سے جو بینچ اور بار کے درمیان بعض دفعہ کشیدگی بھی پیدا ہونے کا امکان پیدا ہوا ہے - جناب والا ! موجودہ قانون میں یہ وضاحت کر دی گئی ہے کہ جج صاحبان اپنے سے متعلق توہین کے کیسز کی سماعت نہیں کریں گے بلکہ یہ معاملہ چیف جسٹس صاحب دوسرے جج صاحب کے سپرد کریں گے یا بینچ کے سپرد کریں گے - لیکن اس میں ایک استثناء بھی ہے کہ اگر سارے کے سارے بینچ یا ساری کی ساری عدالت کی توہین منجملہ کر دی گئی ہو تو پھر جناب والا ! اس کے سوا کوئی چارہ کار نہیں ہے کہ وہ ساری کی ساری عدالت یا فل بینچ اپنے اس کیس کی سماعت کرے -

جناب والا ! اس قانون کو مؤثر بنانے کے لئے اور ہر قسم کی زیادتی اور نا انصافی کا ازالہ کرنے کے لئے ان ملزمان کو جن کو کہ عدالت توہین عدالت کے جرم میں سزا دے ، اپیل کرنے کا بھی حق دیا گیا ہے اگر توہین عدالت کے کسی کیس کا فیصلہ ہائی کورٹ یا سپریم کورٹ کے سنگل جج کریں گے تو جناب والا ! اس کی اپیل بینچ کو ہو گی اور اگر بینچ فیصلہ کرے گا تو اس کی اپیل سپریم کورٹ آف پاکستان میں ہو گی - جناب والا ! ان امکانات کو کہ کسی شخص کے ساتھ زیادتی نہ ہو ختم کرنے کی کوشش کی گئی ہے - اس کے ساتھ میں یہ بھی گذارش کروں گا کہ یہ قانون بڑا صحت مند قانون ہے اور پانچویں ترمیمی بل کی اس دفعہ کے پیش نظر کہ یکم دسمبر ۱۹۷۶ء سے اس کا اطلاق ہو گا ، اس کا نفاذ ہو گا ' اس پارلیمنٹ کے لئے ضروری ہو جاتا ہے کہ یکم دسمبر ۱۹۷۶ء سے پہلے پہلے اس بل کو پاس کرے - ان گذارشات کے ساتھ عرض کروں گا کہ مزید کارروائی فرمائی جائے -

**جناب چیئرمین :** فرمائیے مولانا صاحب -

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** جناب والا ! اس وقت کنٹیمپٹ آف کورٹ ۱۹۲۶ء میں ترمیم پیش نظر ہے - یہ بل عدلت عالیہ اور عدالت عظمیٰ اور انسے نیچے قانون کی تشریح اور وضاحت کرنے والی قوت جن کو کہ ججز کہا جاتا ہے ' ان کی توہین کے سلسلہ میں ہے - اس بل کو پہلے اس نقطہ ہائے نظر سے دیکھا جائے تو مناسب ہو گا کہ اس بل کو اسلام کے تصورات اور معتقدات میں کس حد تک دخل حاصل ہے اور اس بل میں انگریز سے ملی ہوئی ورثے میں جو بعض چیزیں ہمارے پاس موجود ہیں ان کو کس حد تک اس بل میں باقی رکھا

[Maulana Shah Ahmad Noorani Siddiqi]

گیا ہے - جہاں تک اسلام کا تعلق ہے اس میں عہدہ قضاء اور قانون اتنا درخشندہ و تابندہ ہے کہ یورپی اور مغربی اقوام آج بھی اس کے مقابلے میں ایک تاریک ترین عہد سے گزر رہی ہیں - اسلامی قانون کی سب سے بڑی خصوصیت یہ ہے کہ اس میں عہدہ ، شرافت کا معیار نہیں ہوتا بلکہ وہ شخص جس کو جتنا اللہ کا ڈر اور خوف ہے وہ اتنا ہی زیادہ مکرم ، معزز اور شریف ہے اس لئے اسلام میں عہدے کی بناء پر کسی بھی شخص کو کوئی بھی امتیاز حاصل نہیں ہوا کرتا کتنے سے کتنا ہی بڑا عہدیدار کیوں نہ ہو اسلام میں وہ تنقید سے بالاتر نہیں ہے کتنے ہی بڑے منصب کا حامل ہو ' اسلام میں وہ تنقید سے بالاتر نہیں ہے - اسلام میں تنقید سے بالاتر صرف ایک ذات اقدس ہے اور وہ حضور پرنور سیدالعالمین صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی ذات ہے اور اس کے علاوہ جو بھی شخص عوام کے ذریعے سے عوام کی تائید سے کسی عہدے پر برسراقتدار آیا ہو عوام کی تنقید سے بالاتر نہیں ہو سکتا یہ وہ بنیادی اصول ہے جو بتایا گیا ہے - عام طور سے تنقید کا مفہوم یہ لیا جاتا کہ جس سے اہانت مقصود ہو - اصل تنقید سے اہانت مقصود نہیں ہوتی بلکہ تطہیر مقصود ہوتی ہے اور اصلاح مقصود ہوتی ہے - اگر تنقید کرنے کی اجازت نہ دی جائے اور خاص طور سے جابر اور ظالم سلطان کے مقابلے پر اور بدکردار شخص کے مقابلے پر تو پھر اس کو اسلام نے جہاد قرار دیا ہے اور اس تنقید کی فضیلت بتائی گئی ہے - مطلب عرض کرنے کا یہ ہے کہ مسلمان کو تنقید کرنے کی ہر وقت اجازت ہے اور یہ حق اس سے کبھی نہیں چھینا جا سکتا اور اگر کبھی چھینا جائے تو وہ تنقید جہاد ہو جاتی ہے اس لئے کہا گیا ہے کہ "سب سے بڑا جہاد یہ ہے کہ جابر اور ظالم سلطان کے سامنے کلمہ حق بلند کیا جائے" - اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ اسلامی قانون میں عدلیہ کو بہت بڑا تقدس حاصل ہے اس وجہ سے تقدس حاصل نہیں کہ وہ عدلیہ ہے اور وہاں پر کوئی صاحب کرسی پر رونق افروز ہیں اس کرسی کو تقدس حاصل نہیں ہے شخصیت کو بھی تقدس حاصل نہیں ہے وہ قانون جو اس شخصیت کی پشت پناہی کر رہا ہے اور وہ شخصیت جو اس قانون کو نافذ کرنے کی کوشش کر رہی ہے ، اس قانون کو تقدس حاصل ہے - میرا عرض کرنے کا مطلب یہ ہے کہ ہم بعض شخصیات کے بت بنا کر ان کی پرستش شروع کر دیتے ہیں - اور ان کو تنقید سے بالاتر سمجھتے ہیں - یہ چیز اصل میں ہمیں انگریز سے ورثے میں ملی ہے - جن کے نزدیک یہ تصور تھا کہ بادشاہ معصوم ہوتا ہے - وہ تنقید سے بالاتر ہوتا ہے - فلاں شخصیت تنقید سے بالاتر ہے - ہمارے ہاں اس قسم کا کوئی تصور نہیں ہے - عہد رسالت کے بعد رسول اللہ صلی

اللہ علیہ وسلم کی ذات اقدس کے بعد کوئی شخص بھی تنقید سے بالاتر نہیں ہے -

اب میں آپ کی خدمت میں عرض کردوں کہ اس بل میں جو کچھ بھی کنٹیمپٹ آف کورٹ کے سلسلے میں تحفظ دیا جا رہا ہے - اس میں بھی کوشش کی گئی ہے کہ انگریز کے عہد کی کچھ نہ کچھ دفعات کو برقرار رکھا جائے - اور ظاہر ہے کہ وہ ہمیں ورثے میں ملا ہے - اسلام کا جو تصور ہے - اور اسلام نے جو تنقید کا حق دیا ہے اس حق کو اس میں ایک حد تک غصب کرنے کی کوشش کی گئی ہے - میں سمجھتا ہوں کہ ہمیں انگریز سے جو کچھ ورثے میں ملا ہے اس کا اعادہ ہم یہاں کر رہے ہیں دستور میں بہت سے عہدے داروں مثلاً صدر مملکت وزیر اعظم کا وزرائے اعلیٰ کو تحفظ دیا گیا ہے - جو کہ اسلام کے سراسر خلاف ہے - بہرحال اس وقت جو مسئلہ زیر بحث ہے میں اس پر آتا ہوں - اس بل میں یہ بھی ہے کہ جج صاحب اپنی توہین کا فیصلہ خود کریں گے اگر ان کی توہین کی گئی ہے - کورٹ کے اندر ایک صحیح بات کو بھی نہیں مانا جائے گا - یعنی کسی سچائی کی بنیاد پر اگر کوئی بات کہی جا رہی ہے تو چونکہ وہ سامنے کہی گئی ہے اس لئے توہین عدالت میں شمار ہو گی - اور جج صاحب کو اختیار ہے کہ اسی وقت اس کو سزا دے سکتے ہیں - جناب یہ دفعہ اس بل میں شامل ہے - اسی طرح اگر کسی ہائی کورٹ کے متعلق سپریم کورٹ میں کوئی بات کہی گئی اور وہ سمجھ لیا کہ یہ اہانت آمیز ہے - حالانکہ سپریم کورٹ نے اس کو محسوس نہ کیا ہو تب بھی وہ توہین عدالت میں شمار ہو گی اور ہائی کورٹ کو اختیار ہو گا کہ وہ توہین عدالت کے سلسلے میں اس شخص کو بلا سکے اور بینچ مقرر کیا جا سکے - لیکن اس قانون میں جناب یہ بتانے کی کوشش کی گئی ہے کہ کنٹیمپٹ آف کورٹ ایکٹ ۱۹۲۶ء کو بدل کر ہم اسے ایک بہترین شکل میں پیش کر رہے ہیں - لیکن کہیں یہ واضح کرنیکی کوشش نہیں کی گئی ہے کہ اگر ایک جج صاحب خود توہین عدالت کا ارتکاب کریں تو ان کو کیا سزا دی جائے گی ؟ عوام کو جو تنقید کرنا چاہتے ہیں - تنقید تعمیری ہوتی ہے - اور ظاہر ہے کہ اس تنقید کے بعض اوقات اچھے اثرات بھی مرتب ہوتے ہیں تو وہ قابل مواخذہ ہیں - ان کو عدالتوں کے چکر لگانے پڑیں گے ان کو پریشانی ہو گی - اس کو چھ ماہ کی سزا بھگتنا پڑے گی اور دوہزار کی بجائے اب جرمانہ بھی بڑھا کر چھ ہزار روپے کو دیا گیا ہے - جرمانہ بھی کر دیا جائے گا - تو یہ ایک بڑا مبہم سا قانون ہے جس میں جیسا کہ میں نے عرض کیا کہ اس بات کی کم سے کم ضرور وضاحت ہونی چاہئے تھی کہ اگر ایک جج خود اپنی ہی عدالت کی توہین کا ارتکاب کرے

[Maulana Shah Ahmad Noorani Siddiqi]

تو کیا شکل ہو گی ؟ جیسے وکلاء حضرات چیمبر میں بیٹھے رہتے ہیں کوئی وکیل صاحب اگر کوئی ایسی بات کر دیتے ہیں تو وہ توہین عدالت میں شمار ہوتی ہے لیکن اگر خود جج صاحب توہین عدالت کا ارتکاب کرتے ہیں تو ان کو تحفظ حاصل ہے ۔ اور ایسی کوئی دفعہ نہیں ہے ۔ کہ اگر انہوں نے توہین عدالت کا ارتکاب کیا تو کیا سزا ہو گی ۔ ہم کریں تو مجرم ہو جائیں اور وہ خود کریں تو وہ ناقابل مواخذہ ہیں ۔ اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ یہ قانون بڑا گجلک ہے ۔ اور وہ تحفظات جو دینے کی کوشش کی گئی ہے وہ اتنے مبہم سے ہیں کہ تنقید کے سلسلے میں اسلام میں جو حقوق ایک فرد کو دئے گئے ہیں ان پر قدغن لگائی گئی ہے اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ یہ قانون اس قابل نہیں ہے کہ اس کی حمایت کی جائے شکریہ !

جناب چیئرمین : شکریہ خواجہ محمد صفدر !

خواجہ محمد صفدر : جناب چیئرمین ! محترم وزیر مملکت صاحب نے اپنی تقریر میں جو کہ انہوں نے اس بل کو اس ایوان میں پیش کرتے ہوئے فرمائی ، بعض حقائق کا ذکر کیا ہے ۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ وکلاء اور عوام کے ایک خصوصی طبقے کی طرف سے توہین عدالت کے مروجہ قانون میں دور رس تبدیلیوں کا مطالبہ کیا جا رہا ہے ۔ اس میں بھی کوئی شک نہیں کہ دنیا بھر کے ممالک میں جہاں کہ انگریزی قوانین یا انگریزی سامراج کسی زمانے میں بھی قائم نہیں ہو سکا ۔ وہاں توہین عدالت کا قانون انگریزی قوانین سے بالکل مختلف ہے ۔ انگریزی قانون جو ہمارے ہاں رائج تھا اس کی بنیاد اس بات پر ہے ۔ کہ بادشاہ سلامت سے کوئی غلطی سرزد نہیں ہو سکتی ۔

The King can do no wrong.

اور چونکہ بادشاہ معصوم اور خدا کا نمائندہ ہوتا ہے اس لئے وہ کبھی کوئی غلطی نہیں کر سکتا ۔ اس لئے اس پر کسی قسم کی تنقید خواہ وہ کتنی ہی حق اور سچائی پر کیوں نہ مبنی ہو ۔ وہ نہیں کی جا سکتی اور محترم وزیر صاحب نے جس لیگل میگزم کا حوالہ اس ایوان میں دیا ہے اس سے کسی کو انکار نہیں ۔ ان کو بھی یاد ہو گا اور مجھے بھی یاد ہے کہ آئین کے پانچویں ترمیمی بل پر بحث کرتے ہوئے محترم وزیر اعظم صاحب ، محترم وزیر تعلیم صاحب اور دوسرے اکابرین نے اس ترمیمی بل کے اس پہلو کا ذکر کرتے ہوئے جن کے ذریعے آرٹیکل ۲۰۷ میں ترمیم کی گئی تھی اس بات پر بڑا زور دیا تھا ۔ اس میگزم پر بہت زور دیا تھا کہ صاحب

یہ کیسے ممکن ہے کہ ایک جج اپنی توہین کا مقدمہ جس میں وہ خود ہی گواہ، خود ہی مستغیث اور خود ہی وہ فیصلہ کرنے والا بھی ہو۔ حاکم بھی ہو تو انصاف کی توقع کیسے کی جا سکتی ہے اور نیچرل جسٹس جیسا کہ انہوں نے آج بھی فرمایا کہ اسلام کے تقاضوں کے برعکس ہے مجھے ان سے کلی اتفاق ہے۔ لیکن مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ مجھے اپنے محترم دوست جناب وزیر مملکت صاحب سے اس بات میں اختلاف ہے کہ ہم نے مروجہ طریق کار سے کہیں زیادہ مختلف قانون اس ایوان میں آج پیش کیا ہے۔

جناب چیئرمین ! آپ مجھ سے بہتر جانتے ہیں کہ غالباً قوانین کی جتنی بھی اقسام ہیں ان سب میں سب سے مشکل یہ کنٹیمپٹ کا قانون ہے اور اس کے مشکل ہونے کے پیش نظر مختلف اوقات میں مختلف عدالتوں نے جو توہین عدالت کی مختلف الفاظ میں مختلف تعریف کی۔ یہ قانون مزید الجھاؤ میں پڑتا رہا لیکن جو بل اس ایوان میں پیش کیا گیا ہے وہ بھی الفاظ کا گورکھ دھندہ ہے۔ معلوم ایسے ہوتا ہے کہ محترم وزیر قانون جو کہ اس وقت تشریف نہیں رکھتے ہیں وہ بھی اپنے اذہان میں واضح نہیں تھے کہ کس قسم کا قانون اس ایوان میں پیش کیا جائے۔ غالباً ان کے اذہان میں ایک کنفلکٹ تھا کہ ایک طرف عوام کا ، بارایسوسی ایشنز کا مطالبہ یہ تھا کہ کسی شکل میں کسی شخص کو اجازت نہیں دی جا سکتی کہ وہ کسی امر کے متعلق ، اپنے تنازعہ کے متعلق خود حاکم بن بیٹھے۔ دوسری طرف انہیں یہ بھی خیال تھا کہ گذشتہ سو سال سے ایک روایت چلی آتی ہے جو کہ جج صاحبان سے وابستہ ہے۔ ایک تقدس اس لحاظ سے ان کے ذہنوں میں ہے کہ ان کے متعلق کچھ بھی نہ کہا جائے ، نہ ان کی ذات کے متعلق کہا جائے ، ان کے فیصلوں کے متعلق کچھ نہ کہا جائے اور نہ اس بات کا ذکر کیا جائے کہ عدالت میں آتے ہیں تو کب آتے ہیں عدالت میں بیٹھتے ہیں تو کس طور پر بیٹھتے ہیں ، اپنا کام نبھاتے ہیں تو کس طور پر نبھاتے ہیں کیا کوئی بیرونی عوامل ان کے فیصلوں کو متاثر کرتے ہیں یا نہیں کرتے ہیں۔ ان وجوہات کی بناء پر انہوں نے نہایت الجھا ہوا قانون اس ایوان میں پیش کر دیا ہے اور انہوں نے کوشش کی ہے کہ اس کلاز میں توہین عدالت کی ایک جامع تعریف پیش کی جائے لیکن وہ بھی اپنی ذہنی الجھاؤ کی وجہ سے واضح طور پر پیش نہیں کر سکے۔ جس بات کا محترم وزیر مملکت نے ذکر کیا تھا کہ اب ایسا نہیں ہو گا کہ کوئی جج صاحب خود اپنے مقدمے کی سماعت کر سکے یا اپنے مقدمے کا فیصلہ خود سنا سکے۔ اگرچہ اس سٹیج پر یہ ضروری نہیں ہوتا ہے کہ میں کسی کلاز کا حوالہ دوں ، لیکن میں ایک کلاز ۲ کا حوالہ دیتا ہوں کہ کیا یہ امر واقع نہیں ہے کہ وہ تمام مقدمات

[Kh. Mohammad Safdar]

جو کہ جج کے منہ پر پیدا ہوں ، کسی کی بات پر یا ان کی موجودگی میں پیدا ہوں یا ان کے دیکھتے ہوئے پیدا ہوں یا کوئی اور بات کہی گئی ہو تو اس بناء پر توہین عدالت کا مقدمہ ہو گا - وہ اسی وقت ، عدالت میں بلا کر اس مقدمے کا فیصلہ سنا سکتے ہیں - اس میں مجھے معلوم نہیں ہے کہ وزیر مملکت نے یہ کہاں سے نکالا ہے کہ وہ ساری عدالت کی توہین ہو تو تب - - ''کورٹ لکھا ہے'' اور کورٹ کا ''سی'' کیپٹل سے نہیں لکھا گیا ہے بلکہ چھوٹی ''سی'' ہے اس سے مراد صرف ہائی کورٹ مجموعی طور پر یا سپریم کورٹ مجموعی طور پر نہیں ہو سکتا ہے اگر ''سی'' کیپٹل ہوتا تو پھر اس سے مراد ہائی کورٹ یا سپریم کورٹ مجموعی طور پر ہو سکتا تھا - اب اس سے مراد ایک جج صاحب کی اپنی عدالت ہے مجھے معلوم نہیں ہے کہ وہ میرے ساتھ اس مسئلے پر اتفاق فرمائیں گے یا نہیں لیکن میں ان کی توجہ اس طرف دلا رہا ہوں کہ ارباب اقتدار کے اس دعوے کے برعکس جو کہ انہوں نے آئین میں پانچویں ترمیمی بل پر تقریریں کرتے ہوئے کیا تھا ، آج بھی اپنی توہین کے مقدمے کا فیصلہ کرنے کا ان کو خود اختیار ہے -

(اس موقع پر جناب ڈپٹی چیئرمین نے جناب چیئرمین کی جگہ کرسی صدارت سنبھالی)

خواجہ محمد صفدر : جناب والا ! بعض مقامات پر کوشش کی گئی ہے کہ اگر الزام سچا ہو یا کسی عدالت کے خلاف حق پر مبنی ہو وہ ایک اچھا ڈیفنس ہو گا - صفائی کے طور پر اس امر کو پیش کیا جا سکتا ہے - جب کہ میں نے اس عدالت کے متعلق کہا تھا کہ وہ حق اور سچائی پر مبنی ہے - انہوں نے ابتداء میں اس کلاز ۳ کے آخری حصہ میں یہ کوشش کی ہے کہ اس بات کو پراپر ایفکٹو ڈیفنس کے طور پر اس قانون کے ذریعے تسلیم کر لیا جائے کہ ایک شخص نے صحیح اور درست الزام لگایا ہے اور وہ ثابت کرنے کو تیار ہے اور وہ ثابت بھی ہو گیا ہے - لیکن مجھے افسوس ہے کہ آخری کلاز میں جا کر خصوصیت سے اسی کلاز ۲ کی سب کلاز ۴ کی ایکسپلینیشن میں جو کہ میرے علم اور اطلاع کے مطابق اسمبلی میں جب یہ قانون زیر بحث آیا تو اس وقت یہ ایکپلینیشن اس میں ڈالی گئی یعنی بعد میں اس کا اضافہ کیا گیا ہے - اس کے ذریعے اس بات کو بھی یعنی اس سچائی کو تسلیم کرنے کے بعد بھی اس سچائی سے انحراف کر دیا گیا ہے کہ توہین عدالت کے مقدمات میں آئندہ سچائی بھی کوئی قابل ذکر یا قابل مواخذہ ڈیفنس نہیں ہو گی - مجھے افسوس ہے کہ اس سچائی کی بنیاد پر شاید ہی دنیا میں یہ واحد قانون ہے

جہاں سچائی کو ڈیفنس کے طور پر پیش نہیں کیا جا سکتا ہے اور وہ موثر ثابت نہ ہوتی ہو ۔

جناب چیئرمین ! میں ایک اور پہلو کی طرف محترم وزیر مملکت کی توجہ مبذول کرانا چاہتا ہوں کہ مروجہ قانون یا زیر بحث موجودہ قانون کے ذریعے کسی شخص کو کسی ایسی بات کی بنیاد پر سزا دی جا سکتی ہے جو کہ انہوں نے کسی جج کے فیصلے پر تنقید کرتے ہوئے کہی ہو ، جب کہ جج صاحب شاید ریٹائرڈ بھی ہو گئے ہوں یا شاید وفات بھی پا چکے ہوں ۔ جناب چیئرمین ؛ آپ کو یاد ہو گا کہ بعض واقعات اور بعض عدالتی فیصلے اس ملک میں ایسے ہوئے ہیں جنہوں نے اس ملک کی تاریخ تبدیل کر دی ہے میرا اشارہ ایک مشہور مقدمے کی طرف ہے جس کا نام مولوی تمیز الدین بنام سٹیٹ ہے ۔ دو ، تین سال سے تو ایسا نہیں ہے لیکن پاکستان کے سابق چیف جسٹس نے اس فیصلے کی توضیح و تشریح فرماتے ہوئے ایک بیان دیا تھا جو میں نے خود پڑھا تھا ۔ انہوں نے ارشاد فرمایا تھا کہ یہ ایک پولٹیکل فیصلہ تھا مگر آج بھی اگر اس فیصلہ پر تنقید کی جائے جس کے متعلق خود انہوں نے ارشاد فرمایا تھا کہ یہ فیصلہ ایک پولٹیکل فیصلہ تھا اور انہیں ریٹائرڈ ہوئے بھی کم و بیش ۲-۳ سال گزر چکے ہیں ، خاصا عرصہ گزر چکا ہے وہ خود تو کہہ سکتے ہیں کہ یہ ایک پولٹیکل فیصلہ تھا لیکن اگر میں کہوں تو گردن زنی ہو گی ، میں قابل مواخذہ ہوں گا ۔ محترم وزیر مملکت نے ہمیں یہ نہیں بتایا کہ وفات پائے ہوئے جج صاحبان یا ریٹائرڈ شدہ جج صاحبان کے متعلق اگر کوئی بات کہی جائے تو وہ کیوں استثناء نہیں ہے ، وہ کیوں توہین عدالت کی زد میں آئے گا ؟ میں یہ سمجھنے سے قاصر ہوں ۔ یعنی موجودہ قانون کو مروجہ قانون کو انہوں نے جو کہ توہین عدالت کے متعلق ہے ، تبدیل کرنے کی سعی فرمائی ہے ۔ میرا خیال تھا کہ ان کی نظروں سے یہ پہلو اوجھل نہیں ہو گا ۔ یہ پہلو بھی ضرور ان کے سامنے ہو گا ۔

اس بل کا ایک اور پہلو بھی تشنہ ہے ' نامکمل ہے اور وہ یہ ہے کہ آپ خود بھی وکیل ہیں اور اس معزز ایوان کے اکثر و بیشتر معزز اراکین بھی اس معزز پیشے سے تعلق رکھتے ہیں اور ان کے علم میں ' ان کے مشاہدے اور ان کے تجربے میں یہ بات ضرور آتی رہتی ہوگی کہ کئی افسران جنہیں اپنی عادت سے مجبور کہئیے یا اس کرسی پر بیٹھ کر انسان پر جو رعونت آ جاتی ہے اس سے مجبور سمجھئیے کہ وہ تو وکیل کی توہین کرنے پر ادھار کھائے بیٹھے ہوتے ہیں اور وہ موکلوں

[Kh. Mohammad Safdar]

اور فریقین کے سامنے وکلاء کی توہین کرتے ہیں - ان کو سخت سست کہتے ہیں اور ایسے کلمات زبان سے نکالتے ہیں جو اگر عدالت کا احترام نہ ہو تو عدالت سے باہر کوئی بھی سننے کے لئے تیار نہیں ہوتا - ان کے مواخذے کا کوئی انتظام اس بل میں نہیں ہے کہ ان کے متعلق کیا کیا جائے گا اور ان کے خلاف کیسے چارہ جوئی کی جائے گی - اگر یہ الزام کسی جج صاحب یا مجسٹریٹ کی عدالت میں کسی استغاثہ کی صورت میں کسی دوسری عدالت میں لگایا جائے تو پھر بھی مجھ پر ہی توہین عدالت کا مقدمہ بن جائے گا - یعنی تمام ایمنٹی جج صاحبان کو دی گئی ہے اور ان کے حقوق کا تحفظ تو کیا گیا ہے اور ان کے عہدے جلیلہ کا خیال تو رکھا گیا ہے لیکن وکلاء کے متعلق بھی یہ کہا جاتا ہے کہ

They are officers of the court.

اور میرے محترم دوست بھی اس سے اتفاق فرمائیں گے کیونکہ سب ایک انتہائی شریف اور باعزت پیشے سے تعلق رکھتے ہیں - تو ان کی عزت کے تحفظ کا کیا انتظام کیا ہے ؟ کیا یہ بہتر نہ ہوتا کہ ایک ایسا مقصود بل اور ایک جامع بل اس ایوان میں لایا جاتا جس میں اس قسم کے واقعات جو عدالتوں میں روز مرہ ہو رہے ہیں ، ان کے سدباب کے لئے کوئی انتظام ہوتا - مجھے افسوس ہے کہ محترم وزیر قانون ایسا کرنے سے قاصر ہیں - ایک اور بات جس کی جانب میں محترم وزیر مملکت کی توجہ دلانا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ ابھی کل اور دو روز پہلے اس معزز ایوان نے یکے بعد دیگرے دو قانون منظور کئے ہیں - ایک ڈیفنس آف پاکستان کا ترمیمی بل اور ایک نیوز پیپر امپلائمنٹ کا بل جو کل اس ایوان نے منظور کیا تھا - جہاں تک مجھے معلوم تھا کہ یہ بل اس ایوان میں اس اجلاس میں آ رہا ہے اور ظاہر ہے کہ اس کی ایک آئینی اور قانونی ضرورت بھی تھی کیونکہ اس مہینے کے آخر میں ، جس میں صرف اب پانچ دن رہ گئے ہیں ، اس کے بعد ہمارے ملک میں توہین عدالت کے متعلق کوئی قانون نہ ہوگا ، اگر یہ منظور نہ ہوا - تو میں نے ہر دو بلوں پر بحث کے دوران محترم وزراء صاحبان کی خدمت میں نہایت ادب سے عرض کیا تھا کہ جب ہم ایک جامع بل توہین عدالت کے متعلق لا رہے ہیں تو ان دونوں بلوں میں آپ توہین عدالت کے متعلق جو شق ہے اس کو حذف کر دیں - کل ہی محترم گبول صاحب کہہ رہے تھے کہ ہم اس میں کوئی نئی شق لے آئیں گے تو اس میں شق لانے

کی ضرورت نہیں تھی اگر اس بل میں ایک کلاز رکھ لی جاتی اور اس کا مدعا اور مقصد یہ ہوتا کہ توہین عدالت کے مقدمات کے متعلق دوسرے قوانین میں جو کچھ بھی لکھا ہوا ہے اس کے ہوتے ہوئے بھی توہین عدالت کے مقدمات صرف اس بل کے متعلق طے پائیں گے

> "Notwithstanding anything contained in any law for the time being in force, the contempt of court cases shall be tried and heard according to this Act."

تو یہ بات ختم ہو جاتی اور ان پانچ دس بلوں میں علیحدہ علیحدہ ترمیم کرنے کی ضرورت نہ پڑتی اور بار بار پارلیمنٹ کا وقت ضائع کرنے کی ضرورت نہ پڑتی اور بار بار پالیمنٹ کے اجلاس طلب کرکے اس غریب ملک کے خزانے پر مالی بوجھ نہ ڈالنا پڑتا ۔ صرف اس میں ایک کلاز کے اضافہ کرنے سے سارا کام درست طور پر چل سکتا تھا لیکن افسوس ہے کہ محترم وزیر قانون نے ایسا کرنا مناسب خیال نہیں کیا اور اب لطف کی بات ہوگی جناب چیئرمین ! کہ سپریم کورٹ کے لئے تو ایک قانون ہوگا کہ وہ بعض حالتوں میں اپنے مقدمات نہیں سن سکتی اور اس رعایت سے آج ہم اس کو عاری کر رہے ہیں جو اس ملک کی سب سے بڑی عدالت ہے لیکن اس قسم کی عدالتیں جن کو کہ ٹریبونل کہتے ہیں وہ اپنی توہین عدالت کا فیصلہ خود ہی ہر حالت اور ہر صورت میں کر سکتی ہیں ویسے تو اس ملک کی ہر عدالت میرے لئے بڑی معزز ہے لیکن جب سپریم کورٹ کا مقابلہ ان سے کیا جائے تو اس کے مقابلے میں وہ نہایت ادنیٰ عدالتیں ہیں ۔ یعنی ایک طرف اس قانون کے پاس کرنے کے بعد ہم ان عدالتوں کا مرتبہ ، ان کی منزلت ، ان کے اختیارات سپریم کورٹ سے بھی زیادہ بڑھا دیں گے اور یہ ایک بڑا تضاد ہے ، یہ بہت بڑا فے لیسی ہے - تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ ایک قسم کی ان عدالتوں کی توہین ہے کیونکہ سپریم کورٹ اور ہائیکورٹ جنہوں نے ان ٹریبونل کی اپیلیں سننی ہیں اور ان کے پاس وہ اختیارات نہیں ہے جو ان کے پاس ہونے چاہئیں -

جناب چیئرمین ! میں نے آپ کی وساطت سے اختصار کے ساتھ اس ایوان کے سامنے اپنی چند گزارشات پیش کر دی ہیں اور مجھے امید ہے کہ وزیر مملکت جناب چوہدری جہانگیر علی خان صاحب میری ان گذارشات پر توجہ دیں گے اور اس بناء پر نہیں کہ چونکہ ہم نے آج ہی یہ بل پاس کرنا ہے اور اس لئے کوئی اچھی بات بھی قابل قبول نہ سمجھی جائے بلکہ اس بناء پر کہ آخر ہم نے قانون سازی کرنی ہے

[Kh. Mohammad Safdar]

اور ہم نے ایک اچھا قانون اس ملک کے ساڑھے سات کروڑ افراد کے لئے بنانا ہے۔ ایک جامع قانون بنانا ہے - ایسا قانون نہیں بنانا ہے جس میں بار بار ترمیم کرنی پڑے اور ایسا قانون نہیں بنانا ہے جس کی بناء پر دنیا ہمارا مذاق اڑائے - تو بہتر یہ ہوگا کہ جو نقائص اس مسودہ قانون کے متعلق میں نے ان کے سامنے پیش کئے ہیں، ان پر ٹھنڈے دل سے غور کر لیں اور اگر ان میں سے جو ترمیمیں میں نے دی ہیں کوئی پسند ہو تو اس کو قبول کر لیں - مجھے افسوس ہے کہ اس قسم کے جامع اور مشکل قانون کے لئے ہمیں کوئی وقت نہیں دیا گیا ہے اور جناب چیئرمین ! میرے نقطۂ نظر سے یہ قانون کی حد درجہ مشکل برانچ ہے، جس کے لئے ہمیں کوئی وقت نہیں دیا گیا ہے کہ ہم سنجیدگی سے اس کو پڑھ سکیں - حکومت کی اپنی مشکلات ہیں، میں مانتا ہوں اور ہماری بھی کچھ مشکلات ہیں کیونکہ یہ بل رات گیارہ بجے مجھے ملا اور اس وقت کوئی کتاب بھی کمپیریٹو سٹڈی کے لئے نہ ہو تو کتنی ترمیمیں لکھی جا سکتی ہیں یا کس قدر سیر حاصل تبصرہ کیا جا سکتا ہے اور یہ میری لیمیٹیشنز ہیں اس کے لئے میں معذرت چاہتا ہوں اگر میں کوئی مفید بات اس ایوان کے سامنے پیش نہیں کر سکا تو یہ میری مجبوری تھی کیونکہ قریباً قریباً نصف شب گزرنے کے بعد مجھے یہ مسودہ قانون ملا ہے اور میری ترامیم ابھی تک زیر طبع ہیں -

جناب ڈپٹی چیئرمین : آپ کی ترامیم آ چکی ہیں -

خواجہ محمد صفدر : وہ ابھی آئی ہیں - میں نے بہت دیر سے دی تھیں اور ظاہر ہے کہ وہ دیر کے بعد ہی چھپ کر آئی تھیں - ان مجبوریوں کے تحت میں چند گزارشات اس قانون کے متعلق پیش کرنی چاہتا تھا، مجھے امید ہے کہ محترم وزیر صاحب اور میرے محترم دوست جو معزز ایوان کے رکن ہیں وہ اس پر غور فرمائیں گے - شکریہ -

جناب ڈپٹی چیئرمین : فرمائیے -

چوہدری جہانگیر علی : جناب چیئرمین ! حضرت مولانا شاہ احمد نورانی صاحب اور میرے فاضل دوست خواجہ محمد صفدر صاحب نے اس بل پر سیر حاصل تنقیدی تبصرہ کیا ہے - میں یہ گذارش کروں گا کہ بل کو اگر غور سے پڑھا جائے تو معلوم ہوگا کہ جو ترامیم مولانا شاہ احمد نورانی صاحب کی طرف سے پیش کی گئی

ہیں ان کی گنجائش نہیں رہتی کیونکہ بل کے اندر پہلے سے ہی یہ شقیں موجود ہیں۔ نمبر ایک بات تو یہ ہے کہ مولانا صاحب نے یہ فرمایا ہے کہ کوئی شخص تنقید سے بالاتر نہیں ہے۔ اس لئے ہمیں کسی شخص کو تنقید سے بالاتر قرار نہیں دینا چاہئے اور مولانا صاحب نے فرمایا ہے کہ تنقید اہانت کے نقطۂ نظر سے نہیں ہوتی بلکہ اصلاح کے نقطۂ نظر سے ہوتی ہے۔ اس سے اصلاح مقصود ہوتی ہے۔ تو میں مولانا صاحب کی اس معصومانہ دلیل پر یہ گزارش کروں گا کہ ہر تنقید اہانت سے بالاتر نہیں ہو سکتی اور ہر تنقید کا مقصد اصلاح نہیں ہو سکتا اگر کوئی شرارتی آدمی ود مالافائڈ انٹیشن ، بری نیت سے اگر کسی جوڈیشیل اتھارٹی کی اہانت کرنا چاہے تو وہ اس تنقید کے ذریعے کر دیتا ہے۔ اور جناب والا ! اس قسم کے بیشمار کیسزز ہوئے ہیں۔ ابھی راولپنڈی میں گذشتہ دنوں ایک پریذائیڈنگ آفیسر پر چند آدمیوں نے چھری کے ساتھ حملہ کر دیا تھا اور اسے قتل کرنے کی کوشش کی تھی۔ اس قسم کے واقعات آپ کے بھی اور خواجہ صاحب کے بھی ، جو کہ خود اس پیشے سے تعلق رکھتے ہیں ، علم میں ہوں گے کہ ملزم کو جب جیل سے لا کر عدالت کے سامنے پیش کیا گیا تو اس نے اپنے کپڑوں میں سے کوئی گندی چیز نکال کر پریذائیڈنگ آفیسر کے چہرے پر پھینک دی یا گالی گلوچ کی یا اس کی توہین کی۔ اس قسم کے واقعات شاید مولانا صاحب کے علم میں نہ ہوں اگر ایسی بات ہوتی تو مولانا صاحب ایسی بات نہ دہراتے۔ جناب والا ! علامہ اقبال رحمۃاللہ علیہ کا ایک شعر ہے۔

”نکل جاتی ہے جس کے منہ سے سچی بات
فقیہ مصلحت بین سے وہ رند بادہ خوار اچھا“

اب تک توہین کے معاملات کو در خور اعتناء نہیں سمجھا گیا تھا۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی تمام تعلیمات حق و صداقت پر مبنی ہیں۔ اور جتنی اسلام کی خدمت کرنے کا شرف موجودہ حکومت کو حاصل ہوا ہے شاید پہلے کسی حکومت کو حاصل نہ ہوا ہو تو یہی وجہ ہے کہ ہم نے اس قانون کے اندر یہ بات درج کی ہے کہ کوئی جج اپنے کاز میں جج نہیں ہوگا اور یہ بھی درج کیا گیا ہے کہ سچائی ہمیشہ بالاتر ہوگی۔

And truth shall always be a defence in a case of contempt, but, Sir, here is a short exemption to that.

[Ch. Jahangir Ali]

کہ اس قانون کو ناجائز استعمال کرنے والے اس سے ایکسپلائیٹ کرنے والے بھی اس ملک کے اندر بہت سارے لوگ موجود ہیں بہت سارے تو جناب ایسے لوگ ہیں جن کو اس بات کی عادت ہے کہ وہ عدالتوں کی ایک کے بعد دوسری دفعہ ، دوسری دفعہ کے بعد تیسری دفعہ توہین کرتے ہیں اور انہیں لوگوں نے اپنا پیشہ بنا رکھا ہے - وہ لوگ عدالتوں کی توہین کرنے پر ہی زندگی بسر کر رہے ہیں - خواجہ محمد صفدر صاحب میرے ساتھ اس بات میں اتفاق کریں گے کہ جناب والا ! اگر کوئی اس قسم کا کیس ہو جائے اور اس کیس میں ، وہ بھی جوڈیشنل پروسیڈنگ میں نہیں بلکہ جج کے منہ پر کوئی آدمی اس قسم کی کوئی بات کہہ دے کہ کل میں نے فلاں جگہ تمہیں یہ کام کرتے ہوئے دیکھا ہے اگرچہ اس آدمی نے وہ کام ایک جج کی حیثیت سے نہ کیا ہو ، اپنی پرائیویٹ کیپسٹی میں ، پرائیویٹ حیثیت میں کیا ہو اور وہ آدمی اس کو عدالت میں سیکنڈیلائیز کرنے کے لئے اس قسم کی کوئی بات کرنا چاہے تو ایکسپلینیشن میں صرف یہ ایک ایکسپلینیشن رہ گئی ہے اور وہ بھی اس وقت کہ ، خواجہ صاحب نے درست فرمایا ہے کہ دفعہ سات میں جو ایکسپلینیشن درج کی گئی ہے وہ قومی اسمبلی میں ترمیم کے ذریعے کی گئی ہے - اس قسم کے اور بہت سے معاملات زیر غور آئے ہیں اور نوٹس میں لائے گئے ہیں -

بعض دفعہ اس طرح ہوتا ہے کہ بعض آدمی جو غیر ذمہ دار قسم کے ہوتے ہیں وہ اس قسم کے مسائل پیدا کر دیتے ہیں کہ عدالت کے لئے اپنی پوزیشن برقرار رکھنا ناممکن ہو جاتا ہے - جناب والا ! ان باتوں کا سد باب کرنے کے لئے ایکسپلینیشن میں یہ گنجائش رکھی گئی ہے اور وہ بھی اس صورت میں جب کہ جج کے منہ پر in the view of the court اس قسم کی بات کہی جائے - حضرت مولانا صاحب نے یہ فرمایا ہے کہ اگر جج خود توہین کرے تو اس توہین کا نوٹس لینے کا کوئی قانون اس کے اندر موجود نہیں ہے - خواجہ صفدر صاحب نے بھی اس چیز کی طرف اشارہ کیا ہے - انہوں نے فرمایا ہے کہ بعض غیر ذمہ دار جج صاحبان یا پریذائیڈنگ آفیسر ہوتے ہیں اور وکلاء حضرات کی کھلم کھلا اپنی عدالت میں توہین کر دیتے ہیں ، بے عزتی کر دیتے ہیں - تو وہ در اصل وکیل کی توہین نہیں کرتے وکیل کی بے عزتی نہیں کرتے وہ اپنی عدالت کی توہین کرتے ہیں - یہ

نہیں ہے کہ ہم صرف عدالت کو ہی توہین سے بچانا چاہتے ہیں - ہم نے یہ کوشش کی ہے کہ عدالت کے سامنے پیش ہونے والا جو سائل، مدعی، مدعا علیہ، ملزم یہاں تک کہ وکلاء حضرات کی بھی عزت وہاں محفوظ رہے اور بڑی وضاحت سے کنٹیمپٹ آف کورٹ کی تعریف کی گئی ہے - مولانا صاحب اور خواجہ محمد صفدر صاحب اگر غور فرمائیں تو میں چند فقرے ان کی خدمت میں بیان کروں گا کہ جس میں یہ تشخیص بھی نہیں ہے کہ جج توہین کرے یا سائل توہین کرے - جو بھی اس اقدام کا مرتکب ہوگا وہ اس جرم کی سزا کا مستوجب قرار دیا جائے گا - اور وہ الفاظ یہ ہیں کہ

> "........or does anything which is intended to or tends to bring the authority of a court or the administration of law into disrespect or disrepute........"

اور اگر جج ایسی حرکت کرے گا پریذائیڈنگ آفیسر ایسی حرکت کرے گا تو سزاوار ہوگا

> "......or to interfere with or obstruct or interrupt or prejudice the process of law or the due course of any judicial proceedings, or to lower the authority of a court or scandalise a judge in relation to his office, or to disturb the order or decorum of a court......"

اس میں جناب والا! کہیں تخصیص نہیں ہے - اس میں کسی جج یا پریذائیڈنگ آفیسر کو مستثنیٰ قرار نہیں دیا گیا ہے - اس کے بعد خواجہ محمد صفدر صاحب نے اس بات کو تسلیم کیا ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ ان کی مہربانی ہے - اس ہاؤس میں نہ صرف اپوزیشن کے حضرات بلکہ حکومتی پارٹی کے ممبر صاحبان بھی خواجہ محمد صفدر صاحب کو عزت و وقار کی نظر سے دیکھتے ہیں اور وہ پیشے میں میرے اور آپ کے استاد کی حیثیت رکھتے ہیں - ہمیں ہمیشہ ان سے جائز بات کی توقع رہی ہے اور ہمیشہ انہوں نے جائز طریقے سے اپنا مؤقف پیش کیا ہے - انہوں نے ہماری اس بات کی تعریف کی ہے کہ ہم نے وکلاء اور عوام کے ایک دیرینہ مطالبہ کو پورا کیا ہے اور انہوں نے یہ بھی تسلیم کیا ہے کہ یہ حکومت سب سے پہلی حکومت ہے کہ جس نے انگریزوں کے اس قانون میں کہ بادشاہ سلامت کبھی کوئی جرم نہیں کرتے کبھی کوئی غلطی نہیں کرتے، سب سے پہلے ترمیم کی ہے یہ بات خواجہ صاحب نے اگرچہ بلا واسطہ کہی ہے مگر یہ بات تسلیم ضرور کی ہے - اس کے

[Ch. Jahangir Ali]

علاوہ انہوں نے قانونی اصول سے بھی انکار نہیں کیا ہے جس اصول کو ہم نے اس قانون کے ذریعے نافذ کرنے کی کوشش کی ہے البتہ خواجہ صاحب کے کچھ اعتراضات ہیں ، میں سمجھتا ہوں کہ خواجہ صاحب درست فرماتے ہیں - شاید انہیں ٹائم نہیں ملا ہے کہ وہ اس قانون کو واضح طریقے پر دیکھ سکتے اور یہ ججمنٹ واقعی بڑا مبہم سا تھا - خواجہ صاحب نے اس بات کو تسلیم کیا ہے مگر جب اس موجودہ قانون پر عمل درآمد ہوگا اور اس کے اوپر ہائی کورٹ اور سپریم کورٹ کی جوڈیشنل اتھارٹیز کی رولنگز آئیں گی - - میں خواجہ صاحب کو یقین دلاتا ہوں کہ ان میں ابہام نہیں ہوگا جتنا کہ پہلی رولنگز میں ہے - جناب والا ! دوسری گذارش یہ ہے کہ ہمارے قائد جناب ذوالفقار علی بھٹو صاحب نے قومی اسمبلی میں دستور کے پانچویں ترمیمی بل پر اپنی تقریر کے دوران فرمایا تھا کہ اور کوئی قانون - کوئی لاء ، کوئی دستور حتمی نہیں ہوتا - یہ صرف کتاب اللہ ہے جوکہ حتمی ہے - جس میں کسی ترمیم کی گنجائش نہیں ہے - اگر آج ہم اس میں ترمیم کر رہے ہیں اور خواجہ صاحب نے اتنے فقرے اس کی تعریف میں کہے ہیں -ہمیں امید ہے کہ اگر ضرورت پڑی اور خواجہ صاحب کے مشوروں سے ہم مستفید ہوتے رہے - تو ہم بعد میں بھی اس میں ترمیم کر سکتے ہیں - خواجہ صاحب بھی اس ہاؤس کے ممبر ہیں اور پارلیمنٹ انشاء اللہ چلتی رہے گی اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے ہمیں اس بات سے مایوس نہیں ہونا چاہئیے -

جناب والا ! خواجہ صاحب نے فرمایا ہے کہ توہین کا قانون سب سے مختلف قانون ہے - اور اسے فیصلوں نے الجھا دیا ہے - اسی الجھاؤ کو ہم نے اس قانون کے ذریعے سلجھانے کی کوشش کی ہے - جناب والا - آپ خود پریکٹیسنگ لائیر رہے ہیں آپ کو عدالتوں کا تجربہ ہے - ایک قانون نکھر کر اس وقت سامنے آتا ہے - جب اس عدالتوں کے اندر - انٹرپریٹیشن ہوتی ہے - جب اس کو عدالتوں کے ذریعے نافذ کیا جاتا ہے - میں خواجہ صاحب کو یقین دلاتا ہوں کہ وہ ابہام اور الجھاؤ اب عدالتی فیصلوں میں نہیں ہوگا - اس کے بعد خواجہ صاحب نے فرمایا تھا کہ کورٹ کا ''سی'' کیپیٹل نہیں لکھا گیا - اس لئے ہم نہیں کہہ سکتے کہ اگر ساری عدالت کی توہین ہوگی تو اس کو وہ عدالت خود سن سکے گی ؟ اس سلسلے میں میں پھر گذارش کروں گا کہ شاید جلدی کی وجہ سے خواجہ صاحب اس کو پوری طرح سے اتنا وقت نہیں دے سکے جتنا کہ انہیں دینا چاہئیے - یہ کلاز A کی

سب کلاز ایک ہے -

"Where in a case in which a judge has made an order under sub-section (1) of section 7, not being a case referred to in sub-section (4) of that section, the alleged contempt of court involves scandalization personal to such judge and is not scandalization of the court as a whole."

اب جب کورٹ ایز اے ہول لکھ دیا جائے تو پھر وہاں 'سی' کیپٹل ہو یا نہ ہو - تو اس سے قطعاً کوئی فرق نہیں پڑتا - اور اگر اس کلاز کے پیرا ۲ کو اب خواجہ صاحب ملاحظہ فرما لیں تو اس کی کلیریفیکیشن اس سے ہو جاتی ہے اس لئے میں ان سے اس سلسلے میں گزارش کروں گا کہ اس میں کوئی ابہام نہیں ہے دوسری بات یہ ہے کہ ریٹائرڈ یا فوت شدہ ملازمین سے متعلق اگر کوئی توہین ہو تو اس کے متعلق میں گزارش کروں گا کہ اگر کوئی آدمی ریٹائر ہو جائے -

He ceases to be a Judge of the Court.

اور اگر وہ فوت ہو جائے تو پھر بھی وہ پریذائڈنگ آفیسر نہیں رہتا - اس لئے میں گزارش کروں گا کہ اس کے فوت ہونے یا ریٹائرمنٹ کے بعد تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ غیر ضروری بات تھی کہ اس میں وہ ہم توضیح کرتے - البتہ جس وقت وہ جج تھے اگر اس وقت کے معاملے کو سکینڈیلائیز کرنے کے طور پر - اُچھالا گیا ہے - یا توہین کا ارتکاب کیا گیا ہے تو پھر یہ ضروری نہیں ہے کہ جس آدمی کی جس جج ، جس پریزائڈنگ آفیسر کی توہین کی گئی ہے - صرف وہ ہی توہین کی درخواست دے - عدالت عالیہ سوو موٹو جورس ڈکشن اس کی لے سکتی ہے اور کوئی آدمی بھی اس سلسلہ میں درخواست دے سکتا ہے - میں خواجہ صاحب کو یقین دلاتا ہوں کہ ہماری عدالتیں فوت شدہ اور ریٹائر شدہ ججوں کے وقار کا بھی خیال رکھیں گی اور لوگوں کو ان کی توہین کا مرتکب نہیں ہونے دیں گی - اس کے بعد جناب والا ! یہ پوائنٹ تھا کہ پریذائڈنگ آفیسر خود توہین کرتے ہیں - اور وکلاء کو تحفظ نہیں ہوتا - اس سلسلہ میں میں مولانا صاحب کی دلیل کا جواب عرض کر چکا ہوں - سپیشل عدالت یا ٹریبونل کے متعلق خواجہ صاحب نے فرمایا ہے - کہ اس کے متعلق اس بل میں کوئی کلاز پرووائیڈ نہیں کیا گیا - اس میں گزارش یہ ہے جناب والا ! کہ یہ جنرل لاء ہے اور یہ :

It is being framed under the Constitution of Pakistan.

اور ہر سپیشل ایکٹ میں پراویژن ہوا ہی کرتا ہے - خواجہ صاحب کو معلوم ہے

[Ch. Jahangir Ali]

کنٹیمپٹ کے متعلق Limitation کے متعلق summons وغیرہ کی سروسز کے متعلق سی آر پی سی اور پی پی سی کے جو قوانین ہیں وہ اس کو اپلیکیبل کر دئے جایا کرتے ہیں ۔ اور ان کے مطابق وہ ان معاملات کا فیصلہ کر لیا کرتے ہیں ۔ یہ کوئی ضروری نہیں ہے کہ اس قانون کے اندر ہم سپیشل پراویژن نافذ کریں ۔ خواجہ صاحب نے فرمایا ہے کہ اچھا اور جامعہ قانون بنانے کے لئے عجلت کو ترجیح نہ دی جائے اور یہ دیکھا جائے کہ قانون اچھا ہو ۔ جناب والا ! خواجہ صاحب نے جتنی تقریر فرمائی تھی اگر ان کی ترامیم میرے پاس نہ آتیں تو میں سمجھتا کہ خواجہ صاحب کم از کم دو درجن ترامیم اس قانون کو زیادہ بہتر، زیادہ سلیس، زیادہ کمپری ہینسیو اور زیادہ جامع بنانے کے لئے دیں گے ۔ مگر خواجہ صاحب کی دو تین ترامیم آئی ہیں ۔ اور خواجہ صاحب نے فرمایا تھا کہ ان کو یہ بل دیر سے ملا تھا ۔

سر ! خواجہ صاحب بڑے کمپیٹنٹ آدمی ہیں ۔ ماشاء اللہ ملک کے مشہور قانون دان ہیں جورسٹ ہیں ۔ ان کی نظر سے قانونی سقم بچ کر نہیں جا سکتا ۔ وکیل کی تو نظر ہی قانونی سقموں پر پڑتی ہے ۔ اگر خواجہ صاحب ماہر قانون دان نہ ہوتے اور یہ بات مولانا صاحب کی طرف سے آتی تو میں کچھ نہ کہتا ۔ مولانا صاحب مذہبی مسائل کی طرف زیادہ رغبت کر سکتے ہیں اور ان کا زیادہ عمل دخل مذہبی معاملات کی طرف ہے ۔ اور قانون کی طرف کم ہے ۔ میں خواجہ صاحب کی جانب سے آنے والی اس بات کو تسلیم نہیں کروں گا ۔ جبکہ انہوں نے تین چار ترامیم دی ہیں ۔ اور ان کی تین چار ترامیم پر ہم کھلے دل سے بحث کریں گے ۔ یہ سوچ کر ان کی ترمیم کی میں مخالفت نہیں کروں گا کہ اگر ان کی تمام ترامیم کو مان لیا جائے تو بل جوائنٹ سٹنگ میں چلا جائے گا خواجہ صاحب یقین رکھیں کہ میں ان کو ہر معاملے میں سیٹسفائی کروں گا ۔ اور محض اس وجہ سے مخالفت نہیں کروں گا کہ ہم بل کو جوائنٹ سٹنگ میں نہیں جانے دینا چاہئے ۔ ان الفاظ کے ساتھ میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں اور مجھے امید ہے کہ میں خواجہ صاحب کے کچھ شکوک و شبہات کو دور کرنے میں کامیاب ہوا ہوں ۔

**Mr. Deputy Chairman :** Now, I put the question to the House.

The question before the House is :

"That the Bill to enact a law relating to contempt of court (The Contempt of

Court Bill, 1976), as passed by the National Assembly, be taken into consideration."

(*The motion was adopted*)

**The Deputy Chairman :** The motion is adopted. Now, we take up the Bill clause by clause. There is no amendment to Clauses 2, 3 and 4. So, I put the clauses together to the House.

The question before the House is :

"That Clauses 2, 3 and 4 form part of the Bill."

(*The motion was adopted*)

**Mr. Deputy Chairman :** Clauses 2, 3 and 4 form part of the Bill. Now, Clause 5, there is an amendment by Khawaja Mohammad Safdar.

**Khawaja Mohammad Safdar :** Sir, I beg to move :

"That in Clause 5 of the Bill, the following new sub-clause be added after sub-clause (4) :—

'(5) The provisions of this Act shall take effect notwithstanding anything to the contrary contained in any other law for the time being in force.' "

**Mr. Deputy Chairman :** The motion moved is :

"That in Clause 5 of the Bill, the following new sub-clause be added after sub-clause (4) :—

'(5) The provisions of this Act shall take effect notwithstanding anything to the contrary contained in any other law for the time being in force.' "

**Ch. Jahangir Ali :** Opposed, Sir.

**Mr. Deputy Chairman :** The motion is opposed. Yes, Khawaja Sahib.

**خواجہ محمد صفدر :** جناب چیئرمین ! میں نے پہلی خواندگی کے دوران اس مسودہ قانون پر اپنے خیالات کا اظہار کیا تھا ۔ اور محترم وزیر مملکت صاحب نے اس کا جواب دیتے ہوئے میرے مؤقف کی تائید فرمائی تھی اور ارشاد فرمایا تھا کہ ہم ایک عام قانون جس کا نام کنٹیمپٹ آف کورٹ ہے اس بل کے ذریعے بنا رہے ہیں ۔

[Kh. Mohammad Safdar]

یہ تابع ہو گا ان سپیشل اور خصوصی قوانین کا جو کہ کسی خاص مقصد کے لئے بنائے جائیں - مثال کے طور پر ڈیفنس آف پاکستان آرڈیننس ایک خصوصی قانون ہے - اس میں اگر کوئی تجویز ہو گی - اس میں کوئی ایسی شق ہو گی جس کے ذریعے سے اس کے تحت قائم کردہ ٹربیونل کسی شخص کو توہین عدالت کے مقدمے میں سزا دے سکتے ہیں تو وہ شخص یہ نہیں کہہ سکتا کہ صاحب کنٹیمپٹ آف کورٹ کے متعلق ایک نیا قانون بنا ہے آپ یہ مقدمہ یہاں سے کسی اور جگہ بھیج دیں یہ وہ نہیں کہہ سکتا اس لئے کہ وہاں ہم نے پہلے ہی غیر محدود قوت و اختیار ٹریبونل کو دیا ہے کہ کنٹیمپٹ کے متعلق خود اپنا مقدمہ سنیں اور اس کا فیصلہ دیں - اسی طور پر میں نے پہلے بھی عرض کیا تھا - ابھی دو چار روز ہوئے ہم نے نیوز پیپر ایمپلائز کے متعلق ایک قانون پاس کیا تھا - وہ بھی ایک خاص قانون تھا ایک خاص طبقے کے متعلق تھا اور قانون کی انٹرپریٹیشن کرتے ہوئے سپیشل لازء ہمیشہ جنرل لازء کو اوور رائڈ کر جاتے ہیں اور جنرل لاز ان کے سامنے ساکت ہو جاتے ہیں - تو میں نے اس بناء پر اس قانون کو واضح طور پر رکھا ہے اور یہ عرض کیا ہے کہ اس سب کلاز کو کلاز نمبر ۵ میں درج کر دیا جائے بطور سب کلاز ۵ تاکہ خواہ دوسرے قوانین میں توہین عدالت کے متعلق کیا ہی کیوں نہ لکھا گیا ہو اس کو درخوراعتنا نہیں سمجھا جائے گا - جہاں کہیں بھی ٹریبونل ، خصوصی عدالت یا بورڈ ہوگا یا اور کوئی جوڈیشیل پروسیڈنگز ہوں گی ان کے سامنے جب کبھی اس قسم کا حادثہ ہوگا بلکہ ناگوار حادثہ کہنا چاہئیے تو وہ اس قانون کے تحت عمل کرتے ہوئے کسی دوسری عدالت میں بھیج دیں - میرے دوست نے باوجود میری تائید کرنے کے میری اس ترمیم کی مخالفت کی ہے - ان کا خیال ہے جو کہ بڑی انومیلس سی بات ہے اور یہ میں پہلے بھی عرض کر چکا ہوں کہ ماتحت عدالتوں کے پاس اپیلیں سننے کے اختیارات ہیں اور سپیریر عدالتوں کے پاس یہ اختیارات نہیں ہیں - اس سے غلط قسم کے حالات پیدا ہو جاتے ہیں - انگریزی میں اگر یہ برا نہ منائیں تو یہ کہا جا سکتا ہے کہ اس سے ایبزرڈسی چویشن پیدا ہو جاتی ہے - اختیارات اوپر کی عدالتوں کو زیادہ ہونے چاہئیں اور ماتحت عدالتوں کو ہونے کم چاہئیں - لیکن الٹی گنگا بہہ رہی ہے ان ارشادات کے ساتھ میں اپنی گذارشات ختم کرتا ہوں -

چوہدری جہانگیر علی : جناب والا ! میں اس کی وضاحت کرتا ہوں - اس میں

ایک ٹیکنیکل آبجکشن ہے کہ اس کے اندر کلاز ۵ میں سب کلاز ۴ موجود ہے اور وہ ہے :

"Nothing contained herein shall affect the power of any court to punish any offence of contempt under the Pakistan Penal Code Act, 1860."

اب خواجہ صاحب اس کو بھی سبسٹیچیوٹ کراتے ہیں اور کہتے ہیں اس کو ڈیلیٹ کرکے یہ لکھ دیں - تو اب اگر اس کو ڈیلیٹ نہیں کریں اور نمبر ۵ جیسا کہ خواجہ صاحب نے بھی فرمایا ہے کہ اس کو ایڈ کر دیں -

Then there will be two contradictions in sub-para 4 and sub-para 5.

اس لئے میں گذارش کروں گا کہ یہ ایک پرنسپل آف لاء ہے -

The provisions of the special law always pre-dominate the provisions of the general law.

آپ کو معلوم ہے ، آپ کو کیا سمجھاؤں اس کے لئے اس ایکٹ میں ترمیم نہیں کی جائے گی - یہ جنرل کلاز ایکٹ کا پرووبژن ہے - جناب والا ! اس میں بھی خواجہ صاحب یہ چاہتے ہیں تو پھر ملک کے لئے ایک یونیفارم قسم کا قانون بنائیں اور خواجہ صاحب جنرل کلازز ایکٹ کی ترمیم کریں -

Let us consider that 'tarmim' in the House, Sir.

جہاں تک اس کا تعلق ہے میں محترم خواجہ صاحب سے دوبارہ گذارش کروں گا کہ ٹریبونل کے سامنے جب توہین عدالت ہوتی ہے تو عام طور پر ان کے فیس پر ہوتی ہے ، ان کی موجودگی میں ہوتی ہے ان کو اختیار دیا ہے کہ اس کو سزا دیں - خواجہ صاحب نے اب یہ فرمایا ہے کہ یہ اختیارات ہائی کورٹ کے پاس نہیں ہیں - جناب والا ! میں عرض کرتا ہوں کہ عدالت عالیہ کو بھی یہ پاورز اس ایکٹ میں دئے گئے ہیں - اگر ان کے ویو میں توہین عدالت ہو رہی ہے تو وہ خود سزا دے سکتے ہیں ، سپریم کورٹ کو بھی یہ اختیارات دئے گئے ہیں لہذا یہ کہنا کہ سپیشل ٹریبونل اور سبارڈینیٹ کورٹس کو یہ پاورز دئے گئے ہیں اور ہائی کورٹس کے پاس موجود نہیں ہیں یہ ٹھیک نہیں ہے - اس لئے میں درخواست کروں گا ہاؤس سے کہ خواجہ صاحب کی اس ترمیم کو قبول نہ کیا جائے۔

**Mr. Deputy Chairman** : Now, the question before the House is :

> "That in Clause 5 of the Bill, the following new sub-clause be added after sub-clause (4) :—
>
> '(5) The provisions of this Act shall take effect notwithstanding anything to the contrary contained in any other law for the time being in force.' "

(*The amendment was negatived*)

**Mr. Deputy Chairman** : Amendment stands rejected.

The question before the House is :

> "That Clause 5 forms part of the Bill."

(*The motion was adopted*)

**Mr. Deputy Chairman** : Clause 5 forms part of the Bill.

Clause 6, no amendment.

The question before the House is :

> "That Clause 6 forms part of the Bill."

(*The motion was adopted*)

**Mr. Deputy Chairman** : Clause 6 forms part of the Bill. Now, No. 7.

**Khawaja Mohammad Safdar** : Sir, I beg to move :

> "That in Clause 7 of the Bill, sub-clauses (2) and (3) be substituted by the following :—
>
> (2) A person accused of having committed contempt of a High Court or the Supreme Court in the face of the Court shall, at his option, be tried before the judge in relation to or before whom he is alleged to have committed contempt or before any other judge or judges as nominated by the Chief Justice.
>
> (3) In the event that such person exercises his option to be tried by a judge other than the judge in whose presence or in relation to whom the alleged contempt

has been committed, the Court shall make a reference to the Chief Justice stating the relevant facts giving rise there to, who shall there upon transfer the case to any other judge or judges."

**Mr. Deputy Chairman :** The amendment moved is :

"That in Clause 7 of the Bill, sub-clauses (2) and (3) be substituted by the following:

(2) A person accused of having committed contempt of a High Court or the Supreme Court in the face of the Court shall, at his option, be tried before the judge in relation to or before whom he is alleged to have committed contempt or before any other judge or judges as nominated by the Chief Justice.

(3) In the event that such person exercises his option to be tried by the judge other than the judge in whose presence or in relation to whom the alleged contempt has been committed, the Court shall make a reference to the Chief Justice stating the relevant facts giving rise there to, who shall there upon transfer the case to any other judge or judges."

**Ch. Jahangir Ali :** Opposed.

خواجہ محمد صفدر : جناب والا ! محترم وزیر مملکت نے ابھی ابھی تسلیم کیا ہے کہ ہم نے موجودہ زیر بحث قانون میں یہ بات رکھی ہے کہ جج صاحبان اپنی توہین عدالت کی اکثر صورتوں خود ہی سماعت کریں گے - اکثر و بیشتر جب بھی توہین ہوتی ہے ، جب بھی کسی جج کی توہین ہوتی ہے تو وہ جج صاحبان کی موجودگی میں ہوتی ہے اخبارات یا آرٹیکل کے ذریعے بہت کم ایسے واقعات ہوتے ہیں - توہین عدالت میں کسی کے منہ سے کوئی کلمہ نکل جائے ، یا کسی پارٹی سے کوئی بات ہو جائے جس سے جج صاحبان برافروختہ ہو جائیں تو وہیں پر توہین عدالت کا مقدمہ کھڑا کر دیتے ہیں اور عام طور پر توہین جج صاحب کی موجودگی میں ہوتی ہے - یا مبینہ توہین ہوتی ہے - اب جب کہ بعض مقدمات اس قسم کے ہیں جن میں جج صاحبان خود ہی مستغیث ہوں اور خود ہی گواہ ہوں ، خود ہی حاکم ہوں - میری بات جو میں نے عرض کی ہے وہ آج تسلیم نہیں کی ہے لیکن اگر یہ مانتے ہیں کہ

[Kh. Mohammad Safdar]

ہم نے آئین کے پانچویں امنڈمنٹ کے ذریعے آرٹیکل ۲۰۴ میں جو ترمیم کی تھی اس کی غرض و غایت یہ تھی کہ یہ پرانا طریق کار ہے کہ جج صاحبان اپنے مقدمے میں ، اپنے کیس میں ، حاکم یا جج کی حیثیت اختیار کریں - اس کو ہم نے ترک کر دیا ہے تو پھر ترک کرنے کا جو طریقہ میں نے تجویز کیا ہے جو کبھی بھی خواہ کسی قسم کا مقدمہ ہو یا کسی شخص کو عدالت میں طلب کیا جائے یا اس وقت اس کو نوٹس دیا جائے کہ کیوں نہ تمہارے خلاف توہین عدالت کا مقدمہ بنایا جائے تو یہ اختیار ہو کہ کوئی یہ کہے کہ صاحب میرا مقدمہ خود نہ سنیں ، میرے مقدمے کو کسی اور عدالت میں بھیج دیا جائے۔ تو جج صاحب مجبور ہوں کہ وہ اس کیس کو ہائی کورٹ کے چیف جسٹس یا سپریم کورٹ کے چیف جسٹس کے پاس بھیجیں ، اب وہ اس مقدمے کو کسی جج صاحب کے پاس بھیجیں تو بات میری سمجھ میں آتی ہے - ورنہ میری سمجھ میں یہ بات نہیں آتی ہے - کہ بہت ہی کم تعداد میں توہین عدالت کے مقدمات کا فیصلہ جج صاحبان خود نہیں کریں گے اور بیشتر مقدمات کا ، بلکہ میں یہ کہنے میں حق بجانب ہوں گا کہ کم و بیش ۸۰ فیصد ایسے مقدمات کا فیصلہ حسب سابق خود ہی کریں گے - اور وہ غوغہ آرائی جو عوام کی طرف سے ہے ، بارکونسلز کی طرف سے ، بارایسوسی ایشنز کی طرف سے ہے اسی طرح رہے گی - اس کا کریڈٹ انہوں نے لینے کی سعی کی ہے - خدا کرے انہیں ملے لیکن وہ مل نہیں رہا ہے - اس لئے میں گذارش کر رہا ہوں کہ اب بھی وہ میری تجویز کو مان لیں تو یہ کریڈٹ ان ہی کو جائے گا ، اس حکومت کو چاہئیے کہ ان کا ایک جائز مطالبہ جو عوام کی طرف سے ہے بارکونسلز اور بار ایسوسی ایشنز کی طرف سے ہے ، قبول کیا جا رہا ہے لیکن موجودہ صورت میں بارکونسلز کا ، عوام کا اور بارایسوسی ایشنز کا یہ مطالبہ تسلیم نہیں کیا جا رہا ہے بلکہ اس کے ایک ادنٰی سے حصے کو تسلیم کیا جا رہا ہے اور بیشتر حصے کو صرف نظر کیا جا رہا ہے -

چوھدری جہانگیر علی : جناب چیئرمین ! وضاحت تو پہلے ہو چکی تھی اب صرف اتنی گذارش کروں گا کہ خواجہ صاحب قبلہ سب کلاز ۲ کو سبسٹیٹیوٹ کرانا چاہتے ہیں اور سب کلاز ۲ یہ ہے -

"7 (2). The Court shall inform the accused of the ground on which he is charged with contempt of court and call

> upon him to show cause why he should not be punished."

جناب والا ! شوکاز نوٹس ہے جو انصاف کا اولین تقاضا ہے -

And Khawaja Sahib wants to do away with this provision of show cause notice.

دوسرا اس میں جو سبٹیچیوٹ کرانا چاہتے ہیں وہ سب کلاز ۳ یہ ہے

> "7 (3). The Court, after holding such inquiry and taking such evidence as it deemds necessary or is produced by the accused in his own defence and after hearing the accused and such other person as it deems fit, shall give a decision in the case."

خواجہ صاحب اس کو بھی تبدیل کرا رہے ہیں اور ان کا یہ مطلب ہے کہ نہ شوکاز نوٹس دیا جائے ، نہ انکوائری کرائی جائے اور نہ کسی آدمی کو ڈیفنس کا موقع دیا جائے - تو قانون کے تقاضے کیسے پورے ہوں گے - اگر ہم کسی آدمی کو شوکز نوٹس بھی نہ دیں نہ اس کا جواب دعویٰ لیں ، انکوائری بھی نہ کریں ، اس کا ڈیفنس بھی نہ پڑھیں اور اس کو گواہوں ، پر جرح کا موقع بھی نہ دیں اور اس کو اپنی صفائی پیش کرنے کا بھی موقع نہ دیں - تو جناب والا ! پھر یہ جو قانون ہے یہ انصاف کا منہ چڑائے گا اور انصاف کے تقاضے پورے نہیں ہوں گے اس لئے میں ہاؤس سے گذارش کروں گا کہ یہ ترمیم قابل پذیرائی نہیں ہے - دوسری گذارش میں یہ کرنا چاہتا ہوں کہ خواجہ صاحب نے فرمایا ہے کہ بہت کم کیس کی تعداد ایسی ہوتی ہے جو آؤٹ آف دی کورٹ ہوتے ہیں اور زیادہ کیس ایسے ہوتے ہیں جو ان دی کورٹ ہوتے ہیں جن میں توہین ہوتی ہے - تو اس سلسلے میں میں گذارش کروں گا کہ اگر خواجہ صاحب کلاز ۷ کی سب کلاز ۴ پڑھ لیں تو اس میں صاف لکھا ہوا ہے -

> "7 (4). If contempt of court is committed in the view or presence of the court, the court may cause the offender to be detained in custody and, at any time before the rising of the court on the same day, may proceed against him in the manner provided for in the preceding sub-section."

[Ch. Jahangir Ali]

جناب اس کے بعد پانچ کو پڑھنا بھی ضروری ہے جو کہ اس طرح ہے -

"7 (5). If any case referred to in sub-section (4) cannot be finally disposed of on the same day, the court shall order the release of the offender from custody either on bail or on his own bond."

پھر کیس جو ہے وہ جناب اسی طرح ڈیسائڈ ہوگا جیسے دوسرے ڈیسائڈ ہوتے ہیں اس لیے میں یہ گزارش کرتا ہوں کہ یہ ترمیم بے جان ہے -

**Mr. Deputy Chairman** : The question before the House is :

"That in Clause 7 of the Bill, sub-clauses (2) and (3) be substituted by the following :—

(2) A person accused of having committed contempt of a High Court or the Supreme Court in the face of the Court shall, at his option, be tried before the judge in relation to or before whom he is alleged to have committed contempt or before any other judge or judges as nominated by the Chief Justice.

(3) In the event that such person exercises his option to be tried by a judge other than the judge in whose presence or in relation to whom the alleged contempt has been committed, the Court shall make a reference to the Chief Justice stating the relevant facts giving rise thereto, who shall thereupon transfer the case to any other judge or judges."

*(The motion was negatived)*

**Mr. Deputy Chairman** : The amendment stands rejected. Next amendment.

**Khawaja Mohammad Safdar** : I beg to move :

"That in Clause 7, the Explanation to sub-clause (4) be omitted."

**Mr. Deputy Chairman** : The amendment moved is :

"That in Clause 7, the Explanation to sub-clause (4) be omitted."

**Ch. Jahangir Ali :** Opposed.

**خواجہ محمد صفدر :** جناب چیئرمین ! سب کلاز ۴ ملاحظہ فرمائیں کلاز نمبر ۵ کے کلاز ۴ کے الفاظ یہ ہیں :

"7 (4). If contempt of court is committed in the view or presence of the court, the court may cause the offender to be detained in custody and, at any time before the rising of the court on the same day, may proceed against him in the manner provided for in the preceding sub-sections."

اس کے ساتھ ایک ایکسپلینیشن لگا دی ہے جو یہ ہے :

"*Explanation* :—Notwithstanding anything contained in clause (x) of the proviso to section 3, in any proceeding under this sub-section, it shall not be open to the offender to take up a plea of truth of the statement for making which he is proceeded against."

جناب والا ! جیسا کہ میں نے پہلے عرض کیا تھا کہ بیشتر مقدمات ایسے ہوتے ہیں جو کہ جج صاحبان کی موجودگی میں پیدا ہوتے ہیں - اب سب کلاز ۴ کے تحت خود ہی جج صاحبان اس کی سماعت کریں گے جو اس قسم کے مقدمات ہوں گے اور ان میں ایک پروویژن یہ کی گئی ہے کہ کلاز ۳ کے پروویژن کا پیرا ۱۰ جو ہے اس کا اطلاق نہیں ہوگا - جناب والا ! پیرا ۱۰ کیا ہے وہ میں پڑھے دیتا ہوں -

"3. Provided that the following shall not amount to commission of contempt of court :—

(x) a true statement made in good faith respecting the conduct of a judge in a matter not connected with the performance of his judicial functions."

تو یہ صورت حال ہوگی اور اگر ہم نے حقائق پر مبنی کوئی بات کی ہو اور وہ عدالت کے فرائض سے تعلق رکھتی ہو جو کہ عدالتوں کے فرائض ہیں تو میں یہ سہارا لے سکتا ہوں کہ میں نے سچی بات کی ہے ، میں نے توہین نہیں کی - اب ایکسپلینیشن کے ذریعے یہ جو رعایت بخشی ہوگئی تھی محترم وزیر مملکت کے خیال کے مطابق ، میں جج صاحب، کو کہوں کہ جو کچھ میں نے کہا ہے وہ سچ ہے تو یہ ایکسپلینیشن داخل کرکے وہ سچ کی بناء پر جو میں اپنا ڈیفنس لے سکتا تھا کہ میں

[Kh. Mohammad Safdar]

سچا ہوں اور میں نے غلط بیانی نہیں کی اور وہ حق مجھ سے چھینا جا رہا ہے جو ابتداً انہوں نے کہا تھا کہ سچ کا ہمیشہ بول بالا ہوتا ہے اور سچ کی بناء اگر کوئی توہین ہوئی ہے تو اس کو ہم توہین نہیں مانتے ہیں - جناب والا ! کلاز ۳ کا پروویژن ۱۰ جو ہے وہ درست ہے اور اس پیرے کو کالعدم کر دیا گیا نفی کر دیا گیا ہے اور اس طرح غیر مؤثر بنا دیا گیا ہے اس ایکسپلنیشن سے ، اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ ان ملزمان کے پاس یہ اختیار ہو کہ وہ یہ کہہ سکیں کہ جناب والا ! جو توہین عدالت آپ سمجھتے ہیں وہ بات میں نے سچ کی بناء پر کی ہے اور وہ ڈیفنس مجھ سے چھینا نہ جائے - اگر یہ صورت قابل قبول ہو محترم وزیر مملکت کو تو اس صورت میں اس ایکسپلینیشن کو نکالنا ہی ہوگا ورنہ جو کچھ آپ ایک ہاتھ سے دے رہے ہیں وہ دوسرے ہاتھ سے چھین رہے ہیں - دراصل بات یہ ہے کہ ہاتھی کے دانت دکھانے کے اور کھانے کے اور کے مصداق ہم ہیں کہ ہم لوگ ظاہر کچھ کرتے ہیں کہ دیکھئے صاحب عدالتوں کے یہ جو اختیارات ہیں وہ محدود کر دئے گئے ہیں اور یہ اب استعمال نہیں کر سکیں گے اور توہین عدالت کے سلسلے میں ان کو جو اختیارات دئے گئے تھے کہ خود ہی مقدمہ سنے ، خود ہی گواہ بنیں اور خود ہی مستغیث ہوں - دوسری عدالت میں بھیجنا ضروری ہو جائے گا - اس کے اندر اس قسم کی کلاز رکھی ہیں اور بیشتر مقدمات کو استثناء کی شکل میں رکھا ہے اور پھر ان ہی عدالتوں کے سامنے پیش ہوں گے اور وہ خود ہی فیصلہ کریں گے کہ خود ہی حاکم ہوں گے اور خود ہی مستغیث ہوں گے اور خود ہی گواہ ہوں گے -

جناب ڈپٹی چیئرمین : شکریہ! چوہدری جہانگیر علی صاحب -

چوہدری جہانگیر علی : جناب چیئرمین ! اس ایکسپلینیشن کی سرسری ریڈنگ سے پہلا تاثر یہی ہوتا ہے کہ جو کچھ ہم ایک ہاتھ سے دے رہے ہیں دوسرے ہاتھ سے وہ چھین رہے ہیں - جناب والا ! یہ ایسی بات نہیں ہے ہم قانون سازی کر رہے ہیں اور ہم یہاں ممبران اسمبلی یا ممبران سینٹ کو صرف dupe نہیں کر رہے ہیں اس طرح تو ہم ساری قوم کو اندھیرے میں رکھ کر defraud کر رہے ہیں - جناب والا ! ہمیں معلوم ہے کہ ہمارا یہ قانون عدالتوں میں بھی جائے گا ، ہائی کورٹوں میں جائے گا اور ہمارا یہ قانون سپریم کورٹ میں بھی جائے گا اور وہاں

اس پر اس انداز میں بھی اس پر زور ڈالا جائے گا جس طرح آج فاضل خواجہ صاحب اس معاملے میں آرگو کرنے کی کوشش کر رہے ہیں - جناب والا ! آپ خود اندازہ لگائیں میں آپ کا وقت ضائع نہیں کرنا چاہتا اور دو تین منٹ سے زیادہ نہیں لوں گا میں آپ کو ایکسپلینیشن پڑھ کر سناتا ہوں -

> "*Explanation* :—Notwithstanding anything contained in clause (x) of the proviso to section 3......"

And what is clause (x) of section 3? We have got to read it together with clause (x) of Section 3 which is as follows :—

> "3. (x) a true statement made in good faith respecting the conduct of a judge in a matter not connected with the performance of his judicial functions."

یا ایسا سٹیٹمنٹ ہو جس کا جوڈیشیل فنکشن سے کوئی تعلق نہ ہو ، جج اپنی نجی زندگی میں کسی نجی محفل میں بیٹھتا ہے اور وہ یہ کہہ دے کہ تم وہاں یہ کام کر رہے تھے - یہ سوشل ایکٹیویٹی کر رہے تھے - اس قسم کی بات کہہ دینا خواہ وہ سچی ہو - دیکھنا یہ ہے کہ جج اپنے پرائیویٹ وقت میں کسی جگہ بیٹھتا ہو اس کے کانڈکٹ کو بحیثیت جج وہ کیسے افیکٹ کر سکتا ہے - بات دیکھنے والی یہ ہے کہ اگر جوڈیشیل پروسیڈنگ کے متعلق اس نے کوئی سچا بیان دیا ہے تو اس کا وہ سچا بیان

will be a defence for the contaminer.

جناب اکیوزڈ پرسن کے لئے ڈیفنس ہوگی - مثال کے طور پر 'الف' کسی عدالت کا جج ہے 'الف' کی بیوی فرار ہو گئی ہے اور وہ یہ کہے کہ میں اس کو ثابت کر سکتا ہوں تو کیا ہم اس آدمی کو ایسا ڈیفنس کرنے کی اجازت دے دیں گے - اس قسم کے سیکنڈ لائزیشن کا سدباب کرنے اور بچانے کے لئے جج کے ڈیکورم کو محفوظ رکھنے کے لئے یہ چیز یہاں پر رکھی گئی ہے اور خاص طور پر ہم نے یہ پرووائیڈ کیا ہے کہ :

> "not connected with the performance of his judicial functions."

تو اس سلسلے میں ، میں یہ گزارش کروں گا کہ خواجہ صاحب غالباً اس کو

[Ch. Jahangir Ali]

سمجھے نہیں تھے ورنہ مجھے ان کی طرف سے اس ترمیم کی قطعاً امید نہیں تھی - شکریہ -

**Mr. Deputy Chairman :** Now, the question before the House is :

"That in Clause 7, the Explanation to sub-clause (4) be omitted."

*(The motion was negatived)*

**Mr. Deputy Chairman :** The amendment stands rejected.

Now, the question before the House is :

"That Clause 7 forms part of the Bill."

*(The motion was adopted)*

**Mr. Deputy Chairman :** Clause 7 forms part of the Bill. Now, it is Clause 8, and there is amendment No. 5.

**Khawaja Mohammad Safdar :** Sir, I beg to move :

"That in Clauss 8 of the Bill, in sub-clause (1) the words "not being a case referred to in sub-section (4) of that section", occurring in the third line be omitted."

**Mr. Deputy Chairman :** The motion moved is :

"That in Clause 8 of the Bill, in sub-clause (1) the words "not being a case referred to in sub-section (4) of that section", occurring in the third line be omitted."

**Ch. Jahangir Ali :** Opposed.

**خواجہ محمد صفدر :** جناب چیئرمین ! میں نے ایک بار پھر اس ترمیم کے ذریعے محترم وزیر مملکت صاحب کی توجہ اس امر کی طرف دلائی ہے کہ جو مراعات اور حقوق اس ملک کے عوام کو دئے جا رہے ہیں ان کو واپس لینے کی سعی نہ کریں بلکہ وہ اسی جگہ رہنے دیں - جناب والا ! اگر آپ کلاز آٹھ کو ملاحظہ فرمائیں تو اس میں لکھا ہے -

Clause 8 (1) :

"Where, in a case in which a judge has made an order under sub-section (1) of

section 7, not being a case referred to in sub-section (4) of that section, the alleged contempt of court involves scandalization personal to such judge and is not scandalization of the court as a whole or of all the judges of the court, the judge shall forward the record of the case and such comments, if any, as he deems fit to make, to the Chief Justice of the court."

تو صرف ایک اصول بیان کیا گیا ہے کہ اگر کسی وقت کسی شخص نے کسی خاص جج کی توہین نہ کی ہو بلکہ تمام کی تمام عدالت کی بحثیت مجموعی ' ہائی کورٹ کی یا سپریم کورٹ کی توہین کی ہو تو اس صورت میں وہ مقدمہ خود بھی سن سکتے ہیں - لیکن اگر اس کی ذاتی توہین کی گئی ہو اس پر الزام تراشی کی گئی ہو تو اس صورت میں اسے وہ مقدمہ کسی چیف جسٹس کے پاس بھیجنا ہوگا تاکہ وہ کسی دوسرے جج کے پاس سماعت کے لئے بھیج دے - لفظ سکینڈ لائزیشن استعمال کیا گیا ہے - اسے الزام تراشی کہہ سکتے ہیں لیکن اس میں ایک اور استثناء قائم کر دی گئی ہے اور وہ استثناء ان الفاظ سے قائم کی گئی ہے کہ

"not being a case referred to in sub-section (4) of the section."

اس بات کو بھی مستثنیٰ قرار دیا گیا ہے کہ ہو سکتا ہے کہ ان کی موجودگی میں ہی ان کے متعلق کوئی بات کی گئی ہو جو سکینڈ لائیزیشن تک پہنچتی ہو - ان کے سامنے ہی کی گئی ہو - لیکن کلاز ۲ (۴) میں ہم عدالت کو یہ اختیار دے چکے ہیں کہ وہ خود ہی فیصلہ کر سکتی ہے - ہم کہتے ہیں کہ اس قسم کا مقدمہ خواہ اس کی موجودگی ہی میں کیوں نہ پیش آیا ہو اور اس قسم کا جرم سرزد ہوا ہو تو پھر بھی وہ خود ہی مقدمہ سنے - مجھے اس پر اعتراض ہے کہ عدالت کو ' مجھے بار بار اس کو دھرانا پڑتا ہے کیونکہ موضوع وہی آ جاتا ہے کہ پاکستان بار کونسل کا ' صوبائی بار کونسل کا یہ مطالبہ تھا کہ عدالتوں کے جج صاحبان کے پاس اختیار نہیں رہنا چاہئے کہ وہ اپنی توہین کے مقدمات کی خود سماعت کریں - اس مطالبہ کے متعلق چند روز پہلے یہ ڈھنڈورا پیٹا گیا کہ ہم اس مطالبے کو تسلیم کرنے والے ہیں اور پھر آج بھی یہ ڈھنڈورا پیٹا جا رہا ہے کہ ہم اس مطالبہ کو تسلیم کر چکے ہیں لیکن امر واقعہ یہ ہے کہ ہر بات میں استثناء پیدا کرکے معاملہ کو ویسا ہی رکھا ہے - جہاں سے ہم چلے تھے وہیں پہنچے ہیں - یعنی انگریز کے زمانے کے فرسودہ قانون پر ہی ہم ٹھہرے ہوئے ہیں -

**چوہدری جہانگیر علی :** جناب والا ! خواجہ صاحب نے درست فرمایا ہے انہوں نے اپنی تقریر میں اس امر کی نشاندھی کی تھی اور میں نے جناب والا ! اس کا جواب دے دیا تھا - جناب والا ! خواجہ صاحب نے پرنسپل آف لاء جو انہوں نے انیشیئیٹ کیا تھا کہ ماتحت عدالتوں کو پاور دے دی جائے تو اعلیٰ عدالتوں کو وہ پاور کیوں نہ دی جائے ؟ جناب والا ! ماتحت عدالتوں ، ٹربیونلز کے پاس یہ پاور موجود ہے کہ ان کی موجودگی میں تعزیرات پاکستان کے تحت ان کے نزدیک ان کی توہین کی جائے تو وہ مجرم کو وہاں کھڑے کھڑے سزا دے سکتے ہیں - جناب والا ! اگر ہم ہائی کورٹ کو پاور نہ دیں تو بڑی زیادتی ہو گی - جناب میں گزارش کروں گا کہ پہلے جب ہم نے آئین میں پانچواں ترمیمی بل پیش کیا تھا تو خواجہ صاحب نے ، اپوزیشن نے جناب بڑا شور مچایا تھا کہ جوڈیشیل کو ختم کیا جا رہا ہے جوڈیشری کے وقار کو ختم کیا جا رہا ہے - جو ڈیشیری کے ڈیکورم کو ختم کیا جا رہا ہے - ان کی پریسٹیج کو ختم کیا جا رہا ہے - اب جناب والا ! ان کے وقار کے منافی بات ، ان کے منہ سے زیب نہیں دیتی - میری گزارش ہے کہ یہ بات بہت مناسب ہے اس لئے میں اس ترمیم کی مخالفت کرتا ہوں -

**Mr. Deputy Chairman :** The question before the House is :

> "That in Clause 8 of the Bill, in sub-clause (1) the words "not being a case referred to in sub-section (4) of that section", occurring in the third line, be omitted."

*(The motion was negatived)*

**Mr. Deputy Chairman :** The amendment stands rejected.

Now, the question before the House is :

> "That Clause 8 forms part of the Bill"

*(The motion was adopted)*

**Mr. Deputy Chairman :** Clause 8 forms part of the Bill.

The question before the House is :

> "That Clause 9 forms part of the Bill"

*(The motion was adopted)*

**Mr. Deputy Chairman :** Clause 9 forms part of the Bill.

There is no amendment in Clause 10, Khawaja Sahib ?

**Khawaja Mohammad Safdar :** No amendment, Sir.

**Mr. Deputy Chairman :** The question before the House is :

> "That Clause 10 forms part of the Bill."

(*The motion was adopted*)

**Mr. Deputy Chairman :** Clause 10 forms part of the Bill.

Now, amendment No. 6.

**Khawaja Mohammad Safdar :** Sir, I beg to move :

> "That after Clause 10 of the Bill the following new clause be inserted as clause 11 and the subsequent clauses be re-numbered :
>
> 11. Notwithstanding any thing contrary contained in the Act, no person shall be guilty of contempt of Court in relation to any comment made regarding any judge, or any act of a judge which is made after he has ceased to hold office as a judge."

**Mr. Deputy Chairman :** The motion moved is :

> "That after Clause 10 of the Bill the following new clause be inserted as clause 11 and the subsequent clauses be re-numbered :
>
> 11. Notwithstanding any thing contrary contained in the Act, no person shall be guilty of contempt of Court in relation to any comment made regarding any judge, or any act of a judge which is made after he has ceased to hold office as a judge."

**Ch. Jahangir Ali :** Opposed.

**خواجہ محمد صفدر :** جناب چیئرمین ! میں پہلی خواندگی میں اپنی تقریر کے دوران عرض کر چکا ہوں اور میں سمجھتا ہوں کہ اس بات کی ضرورت ہے کہ جو جج صاحبان ریٹائرڈ ہو چکے ہیں - یا وفات پا چکے ہیں - ان کی ملازمت سے

[Kh. Mohammad Safdar]

علیحدگی کے بعد اگر انہوں نے کوئی ایسے فیصلے کئے ہوں تو ان پر جائز طور پر تنقید کی جا سکے - اس لئے میں نے یہ تجویز پیش کی تھی -

چوہدری جہانگیر علی : سر ! میں صرف یہ گزارش کروں گا کہ میں خواجہ صاحب کو اس بات کا جواب دے چکا ہوں - دوسری گزارش میں نے یہ کرنی ہے کہ سیکشن ۳ میں اس کا مکمل جواب موجود ہے - اور یہ کلاز جو ہے یہ سپر فلوس ہے - یہ ان کالڈ فار ہے - اس لئے اس کو شامل نہیں کیا جا سکتا -

**Mr. Deputy Chairman :** I will put the amendment.

The question before the House is :

> "That after Clause 10 of the Bill the following new clause be inserted as Clause 11 and the subsequent clauses be re-numbered :—
>
> 11. Notwithstanding any thing contrary contained in this Act, no person shall be guilty of contempt of Court in relation to any comment made regarding any judge, or any Act of a judge which is made after he has ceased to hold office as a judge."

(*The motion was negatived*)

**Mr. Deputy Chairman :** The motion stands rejected. Now, I will put Clauses 11 and 12 to the House.

The question before the House is :

> "That Clauses 11 and 12 form part of the Bill."

(*The motion was adopted*)

**Mr. Deputy Chairman :** Clauses 11 and 12 form part of the Bill. Now Preamble, Short Title and Clause 1.

The question before the House is :

> "That Short Title, Preamble and Clause 1 form part of the Bill."

(*The motion was adopted*)

**Mr. Deputy Chairman :** The Short Title, Preamble and Clause 1 form part of the Bill.

Next motion is No. 7 on the Order of the Day.

**Ch. Jahangir Ali :** Sir, I beg to move :

> "That the Bill to enact a law relating to contempt of court (The Contempt of Court Bill, 1976), be passed."

**Mr. Deputy Chairman :** The motion made is :

> "That the Bill to enact a law relating to contempt of court (The Contempt of Court Bill, 1976), be passed."

**Khawaja Mohammad Safdar :** Opposed, Sir.

**Mr. Deputy Chairman :** Opposed, but no speeches. Therefore, I put the question to the House.

The question before the House is :

> "That the Bill to enact a law relating to contempt of court (The Contempt of Court Bill, 1976), be passed."

*(The motion was adopted)*

**Mr. Deputy Chairman :** The Bill stands passed.

**خواجہ محمد صفدر :** جناب چیئرمین ! آپ نے آج اخبار میں دیکھا ہو گا کہ محترم وزیر اعظم صاحب نے سروسز ویک کی خوشی میں اپنے سکرٹریٹ کے تمام ملازمین کو چھوٹے بڑے سب کو ایک ماہ کا بونس ادا کرنے کا ، دینے کا اعلان فرمایا ہے - تو میں گزارش کروں گا کہ اگر واقعی ہمیں کوئی خوشی ہے اور ہم بھی اس حصے میں یعنی سروسز ویک میں شامل ہیں تو کیا یہ ضروری نہیں ہے بلکہ میں لفظ ''ضروری'' استعمال کروں گا کہ ہمارے سکرٹریٹ کے تمام ملازمین کو سکرٹری صاحب سے لے کر down below - سب کو ایک مہینے کا بونس دیا جائے -

**جناب ڈپٹی چیئرمین :** آج صبح بل کی مخالفت کی ہے اور اب اس سے آپ ملازمین کو خوش کرنا چاہتے ہیں -

**خواجہ محمد صفدر :** نہیں جناب ! یہ بات نہیں - میں نے اس بل کی مخالفت نہیں کی یہ بھی غلط فہمی ہے - میں نے کہا تھا کہ اس میں کچھ کمی ہے -

جناب ڈپٹی چیئرمین : میرے خیال میں اس کا طریقہ یہ نہیں ہوگا - اس لئے کہ سینیٹ کی ایک فنانس کمیٹی ہے - اگر آپ مناسب سمجھیں تو سینیٹ کی فنانس کمیٹی کو ریفر کریں -

خواجہ محمد صفدر : جناب میں نے عرض کر دیا - یہ منظوری لینا ، منظور کرانا آپ کے ذمے ہے - بس اتنی بات ہے -

جناب ڈپٹی چیئرمین : یہ بات ہاؤس کی طرف سے فنانس کمیٹی کے سامنے رکھ دی جائے گی -

راؤ عبدالستار : ٹھیک ہے جناب رکھ دی جائے -

خواجہ محمد صفدر : اور آپ پر زور سفارش بھی کریں گے -

جناب ڈپٹی چیئرمین : میں یقیناً انفرادی حیثیت سے سفارش کروں گا - باقی فیصلہ ممبران کا ہوگا -

**Mr. Kamran Khan :** This was my point also, Sir, and I support Khawaja Mohammad Safdar Sahib. I expect the other honourable Members will also support it.

**Voices :** Yes, yes, yes.

جناب ڈپٹی چیئرمین : یہ تو بہت اچھی بات ہے کہ سینیٹ کے ملازمین کہنا پتہ نہیں کس حد تک درست ہوگا - سینیٹ سیکریٹریٹ اور سینیٹ کے ممبران میں بہت زبردست equation ہے -

کیا نیکسٹ بل لیں گے ؟ چوہدری صاحب ! آپ اس وقت تیار ہیں ؟

چوہدری جہانگیر علی : جناب والا ! میرے سپرد تو صرف ایک بل ہوا تھا -

جناب ڈپٹی چیئرمین : آپ موو کر دیں - سٹینڈنگ کمیٹی کو بھیج دیتے ہیں -

چوہدری جہانگیر علی : میں موو کر دیتا ہوں -

## THE POLITICAL PARTIES (AMENDMENT) BILL, 1976

**Ch. Jahangir Ali :** Sir, on behalf of the Law Minister, I beg to move :

> "That the Bill further to amend the Political Parties Act, 1962 [The Political Parties (Amendment) Bill, 1976] as passed

by the National Assembly, be taken into consideration."

**Mr. Deputy Chairman :** The motion moved is :

"That the Bill further to amend the Political Parties Act, 1962 [The Political Parties (Amendment) Bill, 1976] as passed by the National Assembly, be taken into consideration."

**Khawaja Mohammad Safdar :** Opposed, Sir.

Sir, I beg to move :

"That the Political Parties (Second Amendment) Bill, 1976, be referred to the Standing Committee concerned."

**Mr. Deputy Chairman :** It is not opposed. Therefore, I put the question.

The question before the House is :

"That the Political Parties (Second Amendment) Bill, 1976, be referred to the Standing Committee concerned."

(*The motion was adopted*)

**Mr. Deputy Chairman :** The Bill stands referred to the Standing Committee concerned.

Now, there is another supplementary agenda. The agenda is that Mr. Abdul Sattar is to present a report of the Standing Committee.

## STANDING COMMITTEE REPORT *RE* : THE PAKISTAN ARMS (SECOND AMENDMENT) BILL, 1976

**Rao Abdul Sattar :** Sir, I have the honour to present a report of the Standing Committee on the Bill further to amend the Pakistan Arms Ordinance, 1965 [The Pakistan Arms (Second Amendment) Bill, 1976].

**Mr. Deputy Chairman :** The report of the Standing Committee on the Bill further to amend the Pakistan Arms Ordinance, 1965 [The Pakistan Arms (Second Amendment) Bill, 1976], is presented.

No other business. So, Senate stands adjourned to meet tomorrow. Tomorrow is Friday, and there will be some private business. Should we meet 10 o'clock?

**Voices :** Yes.

**Mr. Deputy Chairman :** The House stands adjourned to meet tomorrow at 10.00 a.m. sharp.

----

[*The Senate adjourned to meet again at ten of the clock, in the morning on Friday, November* 26, 1976].

----